اٰیاتھا ۱۱۸ | ۲۳ : سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ مَكِّيَّةٌ : ۷۴ | رکوعاتھا ۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا، نہایت مہربان ہے۔

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۙ﴿۱﴾ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ۙ﴿۲﴾

قَدْ اَفْلَحَ	الْمُؤْمِنُوْنَ	الَّذِيْنَ	هُمْ	فِيْ صَلَاتِهِمْ	خٰشِعُوْنَ
فلاح پائی (کامیاب ہوئے)	مومن (جمع)	اور جو	وہ	اپنی نمازوں میں	خشوع (عاجزی) کرنے والے

(دوجہان میں) کامیاب ہوئے وہ مومن جو اپنی نمازوں میں عاجزی کرنے والے ہیں۔

وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ۙ﴿۳﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُوْنَ ۙ﴿۴﴾

وَالَّذِيْنَ	هُمْ	عَنِ اللَّغْوِ	مُعْرِضُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	هُمْ	لِلزَّكٰوةِ	فٰعِلُوْنَ
اور وہ جو	وہ	لغو (بیہودہ باتوں) سے	منہ پھیرنے والے	اور وہ جو	وہ	زکوٰۃ (کو)	ادا کرنے والے

اور وہ جو بیہودہ باتوں سے منہ پھیرنے والے ہیں۔ اور وہ جو زکوٰۃ ادا کرنے والے ہیں۔

وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۙ﴿۵﴾ اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ

وَالَّذِيْنَ	هُمْ	لِفُرُوْجِهِمْ	حٰفِظُوْنَ	اِلَّا	عَلٰٓى	اَزْوَاجِهِمْ	اَوْ مَا مَلَكَتْ
اور وہ جو	وہ	اپنی شرمگاہوں کی	حفاظت کرنے والے	مگر	پر سے	اپنی بیویاں	یا جو مالک ہوئے

اور وہ جو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرنے والے ہیں۔ مگر اپنی بیویوں سے، یا جن کے مالک ہوئے

اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ۙ﴿۶﴾ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

اَيْمَانُهُمْ	فَاِنَّهُمْ	غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ	فَمَنِ	ابْتَغٰى	وَرَآءَ	ذٰلِكَ	فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ
ان کے دائیں ہاتھ	پس بیشک وہ	کوئی ملامت نہیں	پس جو	چاہے	سوا	اس	تو وہی	وہ

ان کے دائیں ہاتھ (کنیزوں) سے بیشک ان پر کوئی ملامت نہیں۔ پس جو ان کے سوا (اس سے) تو وہی ہیں

الْعٰدُوْنَ ۚ﴿۷﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ۙ﴿۸﴾ وَالَّذِيْنَ

الْعٰدُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	هُمْ	لِاَمٰنٰتِهِمْ	وَعَهْدِهِمْ	رٰعُوْنَ	وَالَّذِيْنَ
حد سے بڑھنے والے	اور وہ جو	وہ	اپنی امانتیں	اور اپنے عہد	رعایت کرنے والے	اور وہ جو

حد سے بڑھنے والے۔ اور (کامیاب ہیں وہ مومن) وہ جو اپنی امانتوں کی اور اپنے عہد کی رعایت کرنے والے ہیں۔ اور وہ جو

Presented by www.ziaraat.com

هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۝٩ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ۝١٠ الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ

هُمْ	عَلٰى	صَلَوٰتِهِمْ	يُحَافِظُوْنَ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْوٰرِثُوْنَ	الَّذِيْنَ	يَرِثُوْنَ
وہ	پر۔ کی	اپنی نمازیں	حفاظت کرنے والے ہیں	یہی لوگ	وہ	وارث (جمع)	جو	وارث ہوں گے

اپنی نمازوں کی حفاظت کرنے والے ہیں۔ یہی لوگ ہیں جو وارث ہوں گے ج

الْفِرْدَوْسَ ؕ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝١١ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ۝١٢

الْفِرْدَوْسَ	هُمْ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ	وَ	لَقَدْ خَلَقْنَا	الْاِنْسَانَ	مِنْ	سُلٰلَةٍ	مِّنْ طِيْنٍ
جنت	وہ	اس میں	ہمیشہ رہیں گے	اور	البتہ ہم نے پیدا کیا	انسان	سے	خلاصہ (چنی ہوئی)	مٹی سے

(جنتِ) فردوس کے، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ اور البتہ ہم نے انسان کو چنی ہوئی مٹی سے پیدا کیا۔

ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ۝١٣ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا

ثُمَّ	جَعَلْنٰهُ	نُطْفَةً	فِيْ	قَرَارٍ مَّكِيْنٍ	ثُمَّ	خَلَقْنَا	النُّطْفَةَ	عَلَقَةً	فَخَلَقْنَا
پھر	ہم نے اسے ٹھہرایا	نطفہ	میں	مضبوط جگہ	پھر	ہم نے بنایا	نطفہ	جما ہوا خون	پس ہم نے بنایا

پھر ہم نے اسے مضبوط جگہ میں نطفہ ٹھہرایا۔ پھر ہم نے نطفہ کو جما ہوا خون بنایا، پھر ہم نے بنایا

الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ۗ ثُمَّ

الْعَلَقَةَ	مُضْغَةً	فَخَلَقْنَا	الْمُضْغَةَ	عِظٰمًا	فَكَسَوْنَا	الْعِظٰمَ	لَحْمًا	ثُمَّ
جما ہوا خون	بوٹی	پھر ہم نے بنایا	بوٹی	ہڈیاں	پھر ہم نے پہنایا	ہڈیاں	گوشت	پھر

جمے ہوئے خون (لوتھڑے) کو بوٹی، پھر ہم نے بوٹی سے ہڈیاں بنائیں، پھر ہم نے ہڈیوں کو گوشت پہنایا، پھر

اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ؕ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ۝١٤ ثُمَّ اِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ

اَنْشَاْنٰهُ	خَلْقًا	اٰخَرَ	فَتَبٰرَكَ	اللّٰهُ	اَحْسَنُ	الْخٰلِقِيْنَ	ثُمَّ	اِنَّكُمْ	بَعْدَ ذٰلِكَ
ہم نے اسے اٹھایا	صورت	نئی	پس برکت والا	اللہ	بہترین	پیدا کرنے والا	پھر	بیشک تم	اس کے بعد

ہم نے اسے نئی صورت میں اُٹھا کر کھڑا کیا، پس اللہ بابرکت ہے بہترین پیدا کرنے والا۔ پھر بیشک اس کے بعد تم

لَمَيِّتُوْنَ ۝١٥ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تُبْعَثُوْنَ ۝١٦ وَلَقَدْ خَلَقْنَا فَوْقَكُمْ

لَمَيِّتُوْنَ	ثُمَّ	اِنَّكُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	تُبْعَثُوْنَ	وَ	لَقَدْ خَلَقْنَا	فَوْقَكُمْ
ضرور مرنے والے	پھر	بیشک تم	روزِ قیامت	اٹھائے جاؤ گے	اور	تحقیق ہم نے بنائے	تمہارے اوپر

ضرور مرنے والے ہو۔ پھر بلاشبہ تم روزِ قیامت اٹھائے جاؤ گے۔ اور تحقیق ہم نے تمہارے اوپر بنائے

Presented by www.ziaraat.com

سَبْعَ طَرَآئِقَ ۖ وَمَا كُنَّا عَنِ الْخَلْقِ غٰفِلِيْنَ ﴿۱۷﴾ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً

سَبْعَ	طَرَآئِقَ	وَمَا كُنَّا	عَنِ	الْخَلْقِ	غٰفِلِيْنَ	وَاَنْزَلْنَا	مِنَ السَّمَآءِ	مَآءً
سات	راستے	اور ہم نہیں	سے	خلق (پیدائش)	غافل	اور ہم نے اتارا	آسمانوں سے	پانی

سات راستے اور ہم پیدائش سے غافل نہیں - اور ہم نے آسمانوں سے پانی اتارا

بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِى الْاَرْضِ ۖ وَاِنَّا عَلٰى ذَهَابٍ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ ﴿۱۸﴾ فَاَنْشَاْنَا

بِقَدَرٍ	فَاَسْكَنّٰهُ	فِى الْاَرْضِ	وَاِنَّا	عَلٰى	ذَهَابٍ	بِهٖ	لَقٰدِرُوْنَ	فَاَنْشَاْنَا
اندازہ کے ساتھ	ہم نے اسے ٹھہرایا	زمین میں	اور بیشک ہم	پر	لے جانا	اس کا	البتہ قادر	پس ہم نے پیدا کئے

ایک اندازہ کے ساتھ، پھر اس کو ہم نے زمین میں ٹھہرایا، اور بیشک ہم اس کو لے جانے پر (بھی) قادر ہیں - پس ہم نے پیدا کئے

لَكُمْ بِهٖ جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ ۖ لَكُمْ فِيْهَا فَوَاكِهُ كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا

لَكُمْ	بِهٖ	جَنّٰتٍ	مِّنْ	نَّخِيْلٍ	وَّاَعْنَابٍ	لَكُمْ	فِيْهَا	فَوَاكِهُ	كَثِيْرَةٌ	وَّمِنْهَا
تمہارے لئے	اس سے	باغات	سے۔ کے	کھجور (جمع)	اور انگور (جمع)	تمہارے لئے	اس میں	میوے	بہت	اور اس سے

اس سے تمہارے لئے کھجوروں اور انگوروں کے باغات، تمہارے لئے ان میں بہت سے میوے ہیں، اور اس سے

تَاْكُلُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَشَجَرَةً تَخْرُجُ مِنْ طُوْرِ سَيْنَآءَ تَنْۢبُتُ بِالدُّهْنِ وَصِبْغٍ

تَاْكُلُوْنَ	وَشَجَرَةً	تَخْرُجُ	مِنْ	طُوْرِ سَيْنَآءَ	تَنْۢبُتُ	بِالدُّهْنِ	وَصِبْغٍ
تم کھاتے ہو	اور درخت	نکلتا ہے	سے	طورِ سینا	اُگتا ہے	تیل کے ساتھ لئے	اور سالن

تم کھاتے ہو۔ اور درختِ (زیتون) جو طورِ سینا سے نکلتا ہے، وہ اُگتا ہے تیل اور سالن لئے ہوئے

لِّلْاٰكِلِيْنَ ﴿۲۰﴾ وَاِنَّ لَكُمْ فِى الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۖ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِىْ بُطُوْنِهَا

لِّلْاٰكِلِيْنَ	وَاِنَّ	لَكُمْ	فِى الْاَنْعَامِ	لَعِبْرَةً	نُسْقِيْكُمْ	مِّمَّا	فِىْ بُطُوْنِهَا
کھانے والوں کے لئے	اور بیشک	تمہارے لئے	چوپایوں میں	عبرت غور کا مقام	ہم تمہیں پلاتے ہیں	اس سے جو	ان کے پیٹوں میں

کھانے والوں کے لئے - اور بیشک تمہارے لئے چوپایوں میں مقامِ عبرت ہے، ہم تمہیں ان سے پلاتے ہیں (دودھ) جو ان کے پیٹوں میں ہے،

وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ

وَلَكُمْ	فِيْهَا	مَنَافِعُ	كَثِيْرَةٌ	وَّمِنْهَا	تَاْكُلُوْنَ	وَ	عَلَيْهَا	وَ	عَلَى الْفُلْكِ
اور تمہارے لئے	ان میں	فائدے	بہت	اور ان سے	تم کھاتے ہو	اور	ان پر	اور	کشتی پر

اور تمہارے لئے ان میں (اور) بہت سے فائدے ہیں، اور ان میں سے (بعض کو) تم کھاتے ہو، اور ان پر، اور کشتی پر

Presented by www.ziaraat.com

۱۰ ع ۲۲ ۱

تُحْمَلُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ

تُحْمَلُوْنَ	وَ	لَقَدْ اَرْسَلْنَا	نُوْحًا	اِلٰى قَوْمِهٖ	فَقَالَ	يٰقَوْمِ	اعْبُدُوا	اللّٰهَ
سوار کئے جاتے ہو	اور	البتہ ہم نے بھیجا	نوحؑ	اسکی قوم کی طرف	پس اُس نے کہا	اے میری قوم	تم عبادت کرو	اللہ

سوار کئے جاتے ہو۔ اور البتہ ہم نے نوحؑ کو اس کی قوم کی طرف بھیجا، پس اُس نے کہا، اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو

مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۲۳﴾ فَقَالَ الْمَلَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ

مَا لَكُمْ	مِّنْ اِلٰهٍ	غَيْرُهٗ	اَ فَلَا تَتَّقُوْنَ	فَقَالَ	الْمَلَؤُا	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	مِنْ	قَوْمِهٖ
تمہارے لئے نہیں	کوئی معبود	اسکے سوا	کیا تو تم ڈرتے نہیں؟	تو وہ بولے	سردار	جنہوں نے کفر کیا	سے۔ کے	اس کی قوم

اس کے سوا تمہارے لئے کوئی معبود نہیں، تو کیا تم ڈرتے نہیں؟ تو اس کی قوم کے جن سرداروں نے کفر کیا، بولے

مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يُرِيْدُ اَنْ يَّتَفَضَّلَ عَلَيْكُمْ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَنْزَلَ

مَا هٰذَآ	اِلَّا	بَشَرٌ	مِّثْلُكُمْ	يُرِيْدُ	اَنْ يَّتَفَضَّلَ	عَلَيْكُمْ	وَلَوْ	شَآءَ اللّٰهُ	لَاَنْزَلَ
یہ نہیں	مگر	ایک بشر	تم جیسا	وہ چاہتا ہے	کہ بڑا بن بیٹھے وہ	تم پر	اور اگر	اللہ چاہتا	تو اتارتا

یہ (کچھ بھی) نہیں مگر تم جیسا ایک بشر ہے، وہ چاہتا ہے کہ وہ تم پر بڑا بن بیٹھے، اور اگر اللہ چاہتا تو اتارتا

مَلٰٓئِكَةً ۖ مَّا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِيْٓ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ ﴿۲۴﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلٌۢ بِهٖ جِنَّةٌ

مَلٰٓئِكَةً	مَّا سَمِعْنَا	بِهٰذَا	فِيْٓ اٰبَآئِنَا	الْاَوَّلِيْنَ	اِنْ هُوَ	اِلَّا	رَجُلٌ	بِهٖ	جِنَّةٌ
فرشتے	نہیں سنا ہم نے	یہ	اپنے باپ دادا سے	پہلے	نہیں وہ۔ یہ	مگر	ایک آدمی	جس کو	جنون

فرشتے، ہم نے اپنے پہلے باپ دادا سے یہ (کبھی) نہیں سُنا۔ وہ (کچھ بھی) نہیں مگر ایک آدمی ہے جس کو جنون ہو گیا ہے

فَتَرَبَّصُوْا بِهٖ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۲۵﴾ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ﴿۲۶﴾ فَاَوْحَيْنَآ

فَتَرَبَّصُوْا	بِهٖ	حَتّٰى حِيْنٍ	قَالَ	رَبِّ	انْصُرْنِيْ	بِمَا	كَذَّبُوْنِ	فَاَوْحَيْنَآ
سو تم انتظار کرو	اس کا	ایک مدت تک	اس نے کہا	اے میرے رب	میری مدد فرما	اس پر	انہوں نے مجھے جھٹلایا	تو ہم نے وحی بھیجی

سو تم اس کا ایک مدت تک انتظار کرو۔ اس نے کہا اے میرے رب! میری مدد فرما اس پر کہ انہوں نے مجھے جھٹلایا۔ تو ہم نے وحی بھیجی

اِلَيْهِ اَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا فَاِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ

اِلَيْهِ	اَنِ	اصْنَعِ	الْفُلْكَ	بِاَعْيُنِنَا	وَوَحْيِنَا	فَاِذَا	جَآءَ	اَمْرُنَا	وَفَارَ التَّنُّوْرُ
اس کی طرف	کہ	تم بناؤ	کشتی	ہماری آنکھوں کے سامنے	اور ہمارا حکم	پھر جب	آجائے	ہمارا حکم	اور تنور اُبلنے لگے

اس کی طرف کہ ہماری آنکھوں کے سامنے ہمارے حکم سے کشتی بناؤ، پھر جب ہمارا حکم آئے اور تنور اُبلنے لگے،

Presented by www.ziaraat.com

فَاسْلُكْ فِيهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَأَهْلَكَ إِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ

فَاسْلُكْ	فِيهَا	مِنْ	كُلٍّ	زَوْجَيْنِ	اثْنَيْنِ	وَأَهْلَكَ	إِلَّا	مَنْ	سَبَقَ	عَلَيْهِ	الْقَوْلُ
تو چلا لے (رکھ لے)	اس میں	ہر (قسم)	سے	جوڑا	دو	اور اپنے گھر والے	سوا	جو جس	پہلے ہو چکا	اس پر	حکم

تو اس (کشتی) میں ہر قسم کے جوڑوں میں سے دو (ایک نر ایک مادہ) رکھ لو اور اپنے گھر والے (بھی سوا کر لو) اسکے سوا (جسکے غرق ہونے پر) حکم ہو چکا ہے

مِنْهُمْ ۚ وَلَا تُخَاطِبْنِي فِي الَّذِينَ ظَلَمُوا ۖ إِنَّهُمْ مُغْرَقُونَ ﴿٢٧﴾ فَإِذَا اسْتَوَيْتَ

مِنْهُمْ	وَ	لَا تُخَاطِبْنِي	فِي	الَّذِينَ ظَلَمُوا	إِنَّهُمْ	مُغْرَقُونَ	فَإِذَا	اسْتَوَيْتَ
ان میں سے	اور	نہ کرنا مجھ سے بات	میں۔ بارے	وہ جنہوں نے ظلم کیا	بیشک وہ	غرق کئے جانے والے ہیں	پھر جب	تم بیٹھ جاؤ

ان میں سے، اور مجھ سے ان کے بارے میں بات نہ کرنا جنہوں نے ظلم کیا ہے، بیشک وہ غرق کئے جانیوالے ہیں۔ پھر جب تم بیٹھ جاؤ

أَنْتَ وَمَنْ مَعَكَ عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي نَجَّانَا مِنَ الْقَوْمِ

أَنْتَ	وَمَنْ	مَعَكَ	عَلَى	الْفُلْكِ	فَقُلِ	الْحَمْدُ	لِلَّهِ	الَّذِي	نَجَّانَا	مِنَ	الْقَوْمِ
تم	اور جو	تیرے ساتھ (ساتھی)	پر	کشتی	تو کہنا	تمام تعریفیں	اللہ کے لئے	وہ جس نے	ہمیں نجات دی	سے	قوم

کشتی پر تم اور تیرے ساتھی، تو کہنا تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں وہ جس نے ہمیں نجات دی

الظَّالِمِينَ ﴿٢٨﴾ وَقُلْ رَبِّ أَنْزِلْنِي مُنْزَلًا مُبَارَكًا وَأَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِينَ ﴿٢٩﴾

الظَّالِمِينَ	وَقُلْ	رَبِّ	أَنْزِلْنِي	مُنْزَلًا	مُبَارَكًا	وَأَنْتَ	خَيْرُ	الْمُنْزِلِينَ
ظالم (جمع)	اور کہو	اے میرے رب	مجھے اتار	منزل	مبارک	اور تو	بہترین	اتارنے والے

ظالموں کی قوم سے۔ اور کہو اے میرے رب! مجھے مبارک منزل (جگہ) پر اُتار، اور تو بہترین اُتارنے والا ہے۔

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ وَإِنْ كُنَّا لَمُبْتَلِينَ ﴿٣٠﴾ ثُمَّ أَنْشَأْنَا مِنْ بَعْدِهِمْ قَرْنًا

إِنَّ	فِي ذَٰلِكَ	لَآيَاتٍ	وَإِنْ كُنَّا	لَمُبْتَلِينَ	ثُمَّ	أَنْشَأْنَا	مِنْ بَعْدِهِمْ	قَرْنًا
بیشک	اس میں	البتہ نشانیاں	اور بیشک ہم ہیں	آزمائش کرنے والے	پھر	ہم نے پیدا کیا	ان کے بعد	گروہ

بیشک اس میں البتہ نشانیاں ہیں، اور بیشک ہم آزمائش کرنے والے ہیں۔ پھر ہم نے ان کے بعد پیدا کیا

آخَرِينَ ﴿٣١﴾ فَأَرْسَلْنَا فِيهِمْ رَسُولًا مِنْهُمْ أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُمْ مِنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ ۖ

آخَرِينَ	فَأَرْسَلْنَا	فِيهِمْ	رَسُولًا	مِنْهُمْ	أَنِ	اعْبُدُوا	اللَّهَ	مَا لَكُمْ	مِنْ إِلَٰهٍ	غَيْرُهُ
دوسرا	پھر بھیجے ہم نے	انکے درمیان	رسول (بھیجے)	ان میں سے	کہ	تم عبادت کرو	اللہ	نہیں تمہارے لئے	کوئی معبود	اس کے سوا

دوسرا گروہ۔ پھر ہم نے انکے درمیان انہی میں سے رسول بھیجے کہ تم اللہ کی عبادت کرو، تمہارے لئے اس کے سوا کوئی معبود نہیں،

Presented by www.ziaraat.com

۲ ع ۱۰ ۲

اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ

۲ فَلَا تَتَّقُوْنَ	وَقَالَ	الْمَلَاُ	مِنْ قَوْمِهِ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَكَذَّبُوْا	بِلِقَآءِ	الْاٰخِرَةِ
کیا پھر تم ڈرتے نہیں؟	اور کہا	سرداروں	اس کی قوم کے	وہ جنہوں نے	کفر کیا	اور جھٹلایا	حاضری کو	آخرت

پھر کیا تم ڈرتے نہیں؟ اور اس کی قوم کے ان سرداروں نے کہا، جنہوں نے کفر کیا، اور آخرت کی حاضری کو جھٹلایا،

وَاَتْرَفْنٰهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يَاْكُلُ مِمَّا تَاْكُلُوْنَ

وَ اَتْرَفْنٰهُمْ	فِي	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	مَا هٰذَآ	اِلَّا	بَشَرٌ	مِّثْلُكُمْ	يَاْكُلُ	مِمَّا	تَاْكُلُوْنَ
اور ہم نے انہیں عیش دیا	میں	دنیا کی زندگی	یہ نہیں	مگر	ایک بشر	تمہیں جیسا	وہ کھاتا ہے	اس سے جو	تم کھاتے ہو

اور ہم نے انہیں دنیا کی زندگی میں عیش دیا تھا، یہ نہیں ہے مگر تمہیں جیسا ایک بشر ہے، وہ اسی میں سے کھاتا ہے جو تم کھاتے ہو،

لا ۳۴

مِنْهُ وَيَشْرَبُ مِمَّا تَشْرَبُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَلَئِنْ اَطَعْتُمْ بَشَرًا مِّثْلَكُمْ ۙ اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ

مِنْهُ	وَيَشْرَبُ	مِمَّا	تَشْرَبُوْنَ	وَلَئِنْ	اَطَعْتُمْ	بَشَرًا	مِّثْلَكُمْ	اِنَّكُمْ	اِذًا	لَّخٰسِرُوْنَ
اس سے	اور پیتا ہے	اس سے جو	تم پیتے ہو	اور اگر	تم نے اطاعت کی	ایک بشر	اپنے جیسا	بیشک تم	اس وقت	گھاٹے میں رہو گے

اور اسی میں سے پیتا ہے جو تم پیتے ہو۔ اور اگر تم نے اپنے جیسے ایک بشر کی اطاعت کی، تو بیشک تم اس وقت گھاٹے میں رہو گے۔

اَيَعِدُكُمْ اَنَّكُمْ اِذَا مِتُّمْ وَكُنْتُمْ تُرَابًا وَّعِظَامًا اَنَّكُمْ مُّخْرَجُوْنَ ﴿۳۵﴾ هَيْهَاتَ

اَيَعِدُكُمْ	اَنَّكُمْ	اِذَا	مِتُّمْ	وَكُنْتُمْ	تُرَابًا	وَعِظَامًا	اَنَّكُمْ	مُّخْرَجُوْنَ	هَيْهَاتَ
کیا وہ وعدہ دیتا ہے تمہیں	کہ تم	جب	مر گئے	اور تم ہو گئے	مٹی	اور ہڈیاں	تو تم	نکالے جاؤ گے	بعید ہے

کیا وہ تمہیں وعدہ دیتا ہے کہ جب تم مر گئے، اور تم مٹی اور ہڈیاں ہو گئے تو تم (پھر) نکالے جاؤ گے۔ بعید ہے

هَيْهَاتَ لِمَا تُوْعَدُوْنَ ﴿۳۶﴾ اِنْ هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا وَمَا نَحْنُ

هَيْهَاتَ	لِمَا	تُوْعَدُوْنَ	اِنْ هِيَ	اِلَّا	حَيَاتُنَا	الدُّنْيَا	نَمُوْتُ	وَنَحْيَا	وَمَا	نَحْنُ
بعید ہے	وہ جو	تمہیں وعدہ دیا جاتا ہے	نہیں	مگر	ہماری زندگی	دنیا	اور ہم مرتے ہیں	اور ہم جیتے ہیں	اور نہیں	ہم

بعید ہے، وہ جو تمہیں وعدہ دیا جاتا ہے، (اور کچھ) نہیں مگر یہی ہماری دنیا کی زندگی ہے، ہم مرتے ہیں اور جیتے ہیں، اور ہم نہیں ہیں

بِمَبْعُوْثِيْنَ ﴿۳۷﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلُ ۨ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا وَّمَا نَحْنُ لَهٗ

بِمَبْعُوْثِيْنَ	اِنْ	هُوَ	اِلَّا	رَجُلُ ۨ	افْتَرٰى	عَلَى اللّٰهِ	كَذِبًا	وَّمَا	نَحْنُ	لَهٗ
پھر اٹھائے جانے والے	نہیں	وہ	مگر	ایک آدمی	اس نے جھوٹ باندھا	اللہ پر	جھوٹ	اور نہیں	ہم	اس پر

پھر اٹھائے جانے والے۔ وہ (کچھ) نہیں مگر ایک آدمی ہے، اس نے اللہ پر جھوٹ باندھا ہے، اور ہم نہیں ہیں اس پر

Presented by www.ziaraat.com

بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۳۸﴾ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ﴿۳۹﴾ قَالَ عَمَّا قَلِيْلٍ لَّيُصْبِحُنَّ نٰدِمِيْنَ ﴿۴۰﴾

بِمُؤْمِنِيْنَ	قَالَ	رَبِّ	انْصُرْنِيْ	بِمَا	كَذَّبُوْنِ	قَالَ	عَمَّا قَلِيْلٍ	لَّيُصْبِحُنَّ نٰدِمِيْنَ
ایمان لانے والے	اس نے عرض کیا	میرے رب	میری مدد فرما	اس پر جو	انہوں نے مجھے جھٹلایا	اس نے فرمایا	بہت جلد	وہ ضرور رہ جائیں گے پچھتانے والے

ایمان لانے والے۔ اس نے عرض کیا اے میرے رب تو اس پر میری مدد فرما کہ انہوں نے مجھے جھٹلایا ہے اس نے فرمایا وہ بہت جلد ضرور پچھتاتے رہ جائیں گے

فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ بِالْحَقِّ فَجَعَلْنٰهُمْ غُثَآءً ۚ فَبُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۱﴾

فَاَخَذَتْهُمُ	الصَّيْحَةُ	بِالْحَقِّ	فَجَعَلْنٰهُمْ	غُثَآءً	فَبُعْدًا	لِّلْقَوْمِ	الظّٰلِمِيْنَ
پس انہیں آپکڑا	چنگھاڑ	(وعدۂ) حق کے مطابق	سو ہم نے انہیں کر دیا	خس و خاشاک	دوری (مار)	قوم کے لئے	ظالم (جمع)

پس انہیں چنگھاڑ نے وعدۂ حق کے مطابق آپکڑا، سو ہم نے انہیں خس و خاشاک کی طرح کر دیا، پس مار ہو ظالموں کی قوم کے لئے۔

ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قُرُوْنًا اٰخَرِيْنَ ﴿۴۲﴾ مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا

ثُمَّ	اَنْشَاْنَا	مِنْۢ بَعْدِهِمْ	قُرُوْنًا	اٰخَرِيْنَ	مَا تَسْبِقُ	مِنْ اُمَّةٍ	اَجَلَهَا	وَمَا
پھر	ہم نے پیدا کیں	ان کے بعد	اُمتیں	دوسری۔ اور	نہیں سبقت کرتی ہے	کوئی اُمت	اپنی میعاد	اور نہ

پھر ہم نے ان کے بعد اور امتیں پیدا کیں۔ کوئی امت اپنی (مقررہ) میعاد سے نہ سبقت کرتی ہے اور نہ

يَسْتَاْخِرُوْنَ ﴿۴۳﴾ ثُمَّ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرَا ۭ كُلَّمَا جَآءَ اُمَّةً رَّسُوْلُهَا كَذَّبُوْهُ فَاَتْبَعْنَا

يَسْتَاْخِرُوْنَ	ثُمَّ	اَرْسَلْنَا	رُسُلَنَا	تَتْرَا	كُلَّمَا	جَآءَ	اُمَّةً	رَسُوْلُهَا	كَذَّبُوْهُ	فَاَتْبَعْنَا
پیچھے رہ جاتی ہے	پھر	ہم نے بھیجے	رسول (جمع)	پے در پے	جب بھی	آیا	کسی امت	اس کا رسول	انہوں نے جھٹلایا اسے	تو ہم پیچھے لائے

پیچھے رہ جاتی ہے۔ پھر ہم نے پے در پے رسول بھیجے جب بھی کسی امت میں اس کا رسول آیا انہوں نے اسے جھٹلایا، تو ہم (ہلاک کرنے کیلئے) پیچھے لائے

بَعْضَهُمْ بَعْضًا وَّجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ ۚ فَبُعْدًا لِّقَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۴۴﴾ ثُمَّ اَرْسَلْنَا

بَعْضَهُمْ	بَعْضًا	وَجَعَلْنٰهُمْ	اَحَادِيْثَ	فَبُعْدًا	لِّقَوْمٍ	لَّا يُؤْمِنُوْنَ	ثُمَّ	اَرْسَلْنَا
ان میں سے ایک	دوسرے	اور انہیں بنا دیا ہم نے	افسانے	سو دوری (مار)	لوگوں کے لئے	جو ایمان نہیں لاتے	پھر	ہم نے بھیجا

ان میں سے ایک کو دوسرے کے اور ہم نے انہیں افسانے (بھولی بسری باتیں) بنایا سو (اللہ کی) مار اُن لوگوں کے لئے جو ایمان نہیں لائے۔ پھر ہم نے بھیجا

مُوْسٰى وَاَخَاهُ هٰرُوْنَ ۙ بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۴۵﴾ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ

مُوْسٰى	وَاَخَاهُ	هٰرُوْنَ	بِاٰيٰتِنَا	وَسُلْطٰنٍ	مُّبِيْنٍ	اِلٰى	فِرْعَوْنَ	وَمَلَا۟ئِهٖ
موسیٰ ؑ	اور ان کا بھائی	ہارون ؑ	ساتھ ہماری اپنی نشانیوں	اور دلائل	کھلے	طرف	فرعون	اور اس کے سردار

موسیٰ ؑ اور ان کے بھائی ہارون ؑ کو اپنی نشانیوں اور کھلے دلائل کے ساتھ، فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف

Presented by www.ziaraat.com

فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا عَالِيْنَ ﴿۴۶﴾ فَقَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا وَقَوْمُهُمَا

فَاسْتَكْبَرُوْا	وَكَانُوْا	قَوْمًا	عَالِيْنَ	فَقَالُوْا	اَنُؤْمِنُ	لِبَشَرَيْنِ	مِثْلِنَا	وَقَوْمُهُمَا
تو انہوں نے تکبر کیا	اور وہ تھے	لوگ	سرکش	پس انہوں نے کہا	کیا ہم ایمان لے آئیں	دو آدمیوں پر	اپنے جیسے	اور ان کی قوم

تو انہوں نے تکبر کیا اور وہ سرکش لوگ تھے۔ پس انہوں نے کہا کیا ہم اپنے جیسے (ان) دو آدمیوں پر ایمان لے آئیں؟ اور ان کی قوم (کے لوگ)

لَنَا عٰبِدُوْنَ ﴿۴۷﴾ فَكَذَّبُوْهُمَا فَكَانُوْا مِنَ الْمُهْلَكِيْنَ ﴿۴۸﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى

لَنَا	عٰبِدُوْنَ	فَكَذَّبُوْهُمَا	فَكَانُوْا	مِنَ	الْمُهْلَكِيْنَ	وَ	لَقَدْ اٰتَيْنَا	مُوْسَى
ہماری	بندگی (خدمت) کرنے والے	پس انہوں نے جھٹلایا دونوں کو	تو وہ ہو گئے	سے	ہلاک ہونے والے	اور	تحقیق ہم نے دی	موسیٰ ؑ

ہماری خدمت کرنے والے تھے۔ پس انہوں نے دونوں کو جھٹلایا تو وہ ہلاک ہونے والوں میں سے ہو گئے۔ اور تحقیق ہم نے موسیٰ کو دی

الْكِتٰبَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿۴۹﴾ وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗٓ اٰيَةً وَّاٰوَيْنٰهُمَا

الْكِتٰبَ	لَعَلَّهُمْ	يَهْتَدُوْنَ	وَجَعَلْنَا	ابْنَ مَرْيَمَ	وَاُمَّهٗٓ	اٰيَةً	وَّاٰوَيْنٰهُمَا
کتاب	تاکہ وہ لوگ	ہدایت پالیں	اور ہم نے بنایا	مریم کے بیٹے (عیسیٰ) کو	اور ان کی ماں	ایک نشانی	اور ہم نے انہیں ٹھکانہ دیا

کتاب تاکہ وہ لوگ ہدایت پالیں۔ اور ہم نے مریمؑ کے بیٹے (عیسیٰؑ) اور ان کی ماں کو ایک نشانی بنایا اور ہم نے انہیں ٹھکانہ دیا

۳ ع ۱۸ ۳

اِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَّمَعِيْنٍ ﴿۵۰﴾ يٰٓاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا

اِلٰى	رَبْوَةٍ	ذَاتِ قَرَارٍ	وَّمَعِيْنٍ	يٰٓاَيُّهَا	الرُّسُلُ	كُلُوْا	مِنَ	الطَّيِّبٰتِ	وَاعْمَلُوْا
طرف	ایک بلند ٹیلہ	ٹھہرنے کا مقام	اور جاری پانی	اے	رسول (جمع)	کھاؤ	سے	پاکیزہ چیزیں	اور عمل کرو

ایک بلند ٹیلہ پر جو ٹھہرنے کا مقام اور جاری پانی کی (شاداب) جگہ تھی۔ اے رسولو! تم پاک چیزوں میں سے کھاؤ اور عمل کرو

صَالِحًا ۭ اِنِّىْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿۵۱﴾ وَاِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّاَنَا

صَالِحًا	اِنِّىْ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	عَلِيْمٌ	وَاِنَّ	هٰذِهٖٓ	اُمَّتُكُمْ	اُمَّةً وَّاحِدَةً	وَّاَنَا
نیک	بیشک میں	اسے جو	تم کرتے ہو	جاننے والا	اور بیشک	یہ	تمہاری امت	ایک امت "امتِ واحدہ"	اور میں

نیک، بیشک جو تم کرتے ہو میں اسے جاننے والا ہوں (جانتا ہوں)۔ اور بیشک یہ تمہاری امت ایک امتِ واحدہ ہے، اور میں

رَبُّكُمْ فَاتَّقُوْنِ ﴿۵۲﴾ فَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ زُبُرًا ۭ كُلُّ حِزْبٍۢ بِمَا لَدَيْهِمْ

رَبُّكُمْ	فَاتَّقُوْنِ	فَتَقَطَّعُوْٓا	اَمْرَهُمْ	بَيْنَهُمْ	زُبُرًا	كُلُّ حِزْبٍ	بِمَا	لَدَيْهِمْ
تمہارا رب	پس مجھ سے ڈرو	پھر انہوں نے کاٹ لیا	اپنا کام	آپس میں	ٹکڑے ٹکڑے	ہر گروہ	اس پر جو	ان کے پاس

تمہارا رب ہوں پس مجھ سے ڈرو۔ پھر انہوں نے آپس میں اپنا کام ٹکڑے ٹکڑے کاٹ لیا، (پھر) ہر گروہ والے اُس پر جو اُن کے پاس ہے

Presented by www.ziaraat.com

فَرِحُوْنَ ﴿۵۳﴾ فَذَرْهُمْ فِيْ غَمْرَتِهِمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۵۴﴾ اَيَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهٖ

فَرِحُوْنَ	فَذَرْهُمْ	فِيْ غَمْرَتِهِمْ	حَتّٰى	حِيْنٍ	اَيَحْسَبُوْنَ	اَنَّمَا	نُمِدُّهُمْ	بِهٖ
خوش	پس چھوڑ دے انہیں	ان کی غفلت میں	تک	ایک مدت مقررہ	کیا وہ گمان کرتے ہیں	کہ جو کچھ	ہم مدد کر رہے ہیں انکی	اس کے ساتھ

خوش ہیں۔ پس انہیں ان کی غفلت میں ایک مدت مقررہ تک چھوڑ دے۔ کیا وہ گمان کرتے ہیں؟ کہ ہم جو کچھ ان کی مدد کر رہے ہیں

مِنْ مَّالٍ وَّبَنِيْنَ ﴿۵۵﴾ نُسَارِعُ لَهُمْ فِي الْخَيْرٰتِ ؕ بَلْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ﴿۵۶﴾

مِنْ	مَّالٍ	وَّبَنِيْنَ	نُسَارِعُ	لَهُمْ	فِي الْخَيْرٰتِ	بَلْ	لَا يَشْعُرُوْنَ
سے	مال	اور اولاد	ہم جلدی کر رہے ہیں	انکے لئے	بھلائی میں	بلکہ	وہ شعور (سمجھ) نہیں رکھتے

مال اور اولاد کے ساتھ، ہم ان کے لئے بھلائی میں جلدی کر رہے ہیں (نہیں) بلکہ وہ سمجھ نہیں رکھتے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ خَشْيَةِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ

اِنَّ	الَّذِيْنَ	هُمْ	مِّنْ	خَشْيَةِ	رَبِّهِمْ	مُّشْفِقُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	هُمْ	بِاٰيٰتِ	رَبِّهِمْ
بیشک	جو لوگ	وہ	سے	ڈر	اپنا رب	ڈرنے والے (سہمے ہوئے)	اور جو لوگ	وہ	آیتوں پر	اپنا رب

بیشک جو لوگ اپنے رب کے ڈر سے سہمے ہوئے ہیں۔ اور جو لوگ اپنے رب کی آیتوں پر

يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۸﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا

يُؤْمِنُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	هُمْ	بِرَبِّهِمْ	لَا يُشْرِكُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	يُؤْتُوْنَ	مَآ اٰتَوْا
ایمان رکھتے ہیں	اور جو لوگ	وہ	اپنے رب کے ساتھ	شریک نہیں کرتے	اور جو لوگ	دیتے ہیں	جو وہ دیتے ہیں

ایمان رکھتے ہیں۔ اور جو لوگ اپنے رب کے ساتھ شریک نہیں کرتے۔ اور جو لوگ دیتے ہیں، جو کچھ وہ دیتے ہیں

وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ﴿۶۰﴾ اُولٰٓئِكَ يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ

وَقُلُوْبُهُمْ	وَجِلَةٌ	اَنَّهُمْ	اِلٰى	رَبِّهِمْ	رٰجِعُوْنَ	اُولٰٓئِكَ	يُسٰرِعُوْنَ	فِي الْخَيْرٰتِ
اور ان کے دل	ڈرتے ہیں	کہ وہ	طرف	اپنا رب	لوٹنے والے	یہی لوگ	جلدی کرتے ہیں	بھلائیوں میں

اور ان کے دل ڈرتے ہیں کہ وہ اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں۔ یہی لوگ بھلائیوں میں جلدی کرتے ہیں

وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ ﴿۶۱﴾ وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ۚ وَلَدَيْنَا كِتٰبٌ

وَهُمْ	لَهَا	سٰبِقُوْنَ	وَلَا نُكَلِّفُ	نَفْسًا	اِلَّا	وُسْعَهَا	وَلَدَيْنَا	كِتٰبٌ
اور وہ	ان کی طرف	سبقت لے جانے والے ہیں	اور ہم تکلیف نہیں دیتے	کسی کو	مگر	اسکی طاقت کے مطابق	اور ہمارے پاس	ایک کتاب (رجسٹر)

اور وہ ان کی طرف سبقت لے جانے والے ہیں۔ اور ہم کسی کو تکلیف نہیں دیتے مگر اس کی طاقت کے مطابق، اور ہمارے پاس (اعمال کا) ایک رجسٹر ہے

Presented by www.ziaraat.com

يَّنْطِقُ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۶۲﴾ بَلْ قُلُوْبُهُمْ فِيْ غَمْرَةٍ مِّنْ هٰذَا وَلَهُمْ

يَنْطِقُ	بِالْحَقِّ	وَهُمْ	لَا يُظْلَمُوْنَ	بَلْ	قُلُوْبُهُمْ	فِيْ غَمْرَةٍ	مِنْ هٰذَا	وَلَهُمْ
وہ بتلاتا ہے	ٹھیک ٹھیک	اور وہ (اُن)	ظلم نہ کیے جائیں گے (ظلم نہ ہوگا)	بلکہ	ان کے دل	غفلت میں	اس سے	اور ان کے

وہ ٹھیک ٹھیک بتلاتا ہے۔ اور ان پر ظلم نہ ہوگا۔ بلکہ ان کے دل اس (حقیقت) سے غفلت میں ہیں اور ان کے

اَعْمَالٌ مِّنْ دُوْنِ ذٰلِكَ هُمْ لَهَا عٰمِلُوْنَ ﴿۶۳﴾ حَتّٰۤى اِذَاۤ اَخَذْنَا مُتْرَفِيْهِمْ

اَعْمَالٌ	مِّنْ دُوْنِ	ذٰلِكَ	هُمْ لَهَا	عٰمِلُوْنَ	حَتّٰۤى اِذَاۤ	اَخَذْنَا	مُتْرَفِيْهِمْ
اعمال (جمع)	علاوہ	اس	وہ انہیں	کرتے رہتے ہیں	یہاں تک کہ جب	ہم نے پکڑا	انکے خوشحال لوگ

اس کے علاوہ (اور بھی بُرے) عمل ہیں) جو وہ کرتے رہتے ہیں۔ یہاں تک کہ جب ہم نے ان کے خوشحال لوگوں کو پکڑا

بِالْعَذَابِ اِذَا هُمْ يَجْـَٔرُوْنَ ﴿۶۴﴾ لَا تَجْـَٔرُوا الْيَوْمَ ۫ اِنَّكُمْ مِّنَّا لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۶۵﴾

بِالْعَذَابِ	اِذَا هُمْ	يَجْـَٔرُوْنَ	لَا تَجْـَٔرُوا	الْيَوْمَ	اِنَّكُمْ	مِّنَّا	لَا تُنْصَرُوْنَ
عذاب میں	اس وقت وہ	فریاد کرنے لگے	تم فریاد نہ کرو	آج	بیشک تم	ہم سے	تم مدد نہ دیئے جاؤ گے

عذاب میں تو اس وقت وہ فریاد کرنے لگے۔ آج فریاد نہ کرو تم ہماری (طرف) سے مدد نہ دیئے جاؤ گے (مطلق مدد نہ پاؤ گے)

قَدْ كَانَتْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ عَلٰۤى اَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُوْنَ ﴿۶۶﴾ ۙ مُسْتَكْبِرِيْنَ ۖ

قَدْ كَانَتْ	اٰيٰتِيْ	تُتْلٰى	عَلَيْكُمْ	فَكُنْتُمْ	عَلٰۤى اَعْقَابِكُمْ	تَنْكِصُوْنَ	مُسْتَكْبِرِيْنَ
البتہ تمہیں	میری آیتیں	پڑھی جاتی تھیں	تم پر	تو تم تھے	اپنی ایڑیوں کے بل	پھر جاتے	تکبر کرتے ہوئے

البتہ تم پر میری آیتیں پڑھی جاتی تھیں، تو تم اپنی ایڑیوں کے بل (اُلٹے) پھر جاتے تھے۔ تکبر کرتے ہوئے،

بِهٖ سٰمِرًا تَهْجُرُوْنَ ﴿۶۷﴾ اَفَلَمْ يَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ اَمْ جَآءَهُمْ مَّا لَمْ يَاْتِ

بِهٖ	سٰمِرًا	تَهْجُرُوْنَ	اَ	فَلَمْ يَدَّبَّرُوا	الْقَوْلَ	اَمْ	جَآءَهُمْ	مَّا لَمْ يَاْتِ
اسکے ساتھ	افسانہ گوئی کرتے ہوئے	بیہودہ بکواس کرتے ہوئے	کیا	پس انہوں نے غور نہیں کیا	کلام	یا	ان کے پاس آیا	جو نہیں آیا

اس کے ساتھ افسانہ گوئی اور بیہودہ بکواس کرتے ہوئے۔ پس کیا انہوں نے (اس کلام (حق) پر غور نہیں کیا؟ یا ان کے پاس وہ آیا جو نہیں آیا تھا

اٰبَآءَهُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۶۸﴾ اَمْ لَمْ يَعْرِفُوْا رَسُوْلَهُمْ فَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿۶۹﴾ اَمْ

اٰبَآءَهُمُ	الْاَوَّلِيْنَ	اَمْ	لَمْ يَعْرِفُوْا	رَسُوْلَهُمْ	فَهُمْ	لَهٗ	مُنْكِرُوْنَ	اَمْ
ان کے باپ دادا	پہلے	یا	انہوں نے نہیں پہچانا	اپنے رسول	تو وہ	اس کے	منکر ہیں	یا

ان کے پہلے باپ دادا (بڑوں) کے پاس یا انہوں نے اپنے رسول کو نہیں پہچانا تو اس لئے ان کے منکر ہیں۔ یا

Presented by www.ziaraat.com

يَقُوْلُوْنَ بِهٖ جِنَّةٌ ؕ بَلْ جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ وَاَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ﴿۷۰﴾

يَقُوْلُوْنَ	بِهٖ	جِنَّةٌ	بَلْ	جَآءَهُمْ	بِالْحَقِّ	وَاَكْثَرُهُمْ	لِلْحَقِّ	كٰرِهُوْنَ
وہ کہتے ہیں	اس کو	دیوانگی	بلکہ	وہ آیا انکے پاس	ساتھ حق بات	اور ان میں سے اکثر	حق سے	نفرت رکھنے والے

وہ کہتے ہیں اس کو دیوانگی ہے؟ بلکہ وہ انکے پاس حق بات کے ساتھ آیا ہے اور ان میں سے اکثر حق بات سے نفرت رکھنے والے ہیں۔

وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ اَهْوَآءَهُمْ لَفَسَدَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ؕ

وَلَوِ	اتَّبَعَ	الْحَقُّ	اَهْوَآءَهُمْ	لَفَسَدَتِ	السَّمٰوٰتُ	وَالْاَرْضُ	وَمَنْ	فِيْهِنَّ
اور اگر	پیروی کرتا	حق (اللہ)	ان کی خواہشات	البتہ درہم برہم ہو جاتا	آسمان (جمع)	اور زمین	اور جو	ان کے درمیان

اور اگر اللہ تعالیٰ اُن کی خواہشات کی پیروی کرتا تو البتہ زمین و آسمان اور جو کچھ ان کے درمیان ہے درہم برہم ہو جاتا،

بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِذِكْرِهِمْ فَهُمْ عَنْ ذِكْرِهِمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۷۱﴾ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ خَرْجًا ؕ

بَلْ	اَتَيْنٰهُمْ	بِذِكْرِهِمْ	فَهُمْ	عَنْ ذِكْرِهِمْ	مُّعْرِضُوْنَ	اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ	خَرْجًا
بلکہ	ہم لائے ہیں انکے پاس	ان کی نصیحت	پھر وہ	اپنی نصیحت سے	روگردانی کرنے والے	کیا تم ان سے مانگتے ہو	اجر

بلکہ ہم ان کے پاس ان کی نصیحت لائے ہیں پھر وہ اپنی نصیحت (کی بات) سے، روگردانی کرنے والے ہیں۔ کیا تم اُن سے اجر مانگتے ہو؟

فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ ۖ وَّهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۷۲﴾ وَاِنَّكَ لَتَدْعُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ

فَخَرَاجُ	رَبِّكَ	خَيْرٌ	وَهُوَ	خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ	وَاِنَّكَ	لَتَدْعُوْهُمْ	اِلٰى صِرَاطٍ
تو اجر	تمہارا رب	بہتر	اور وہ	بہترین روزی دہندہ ہے	اور بیشک تم	انہیں بلاتے ہو	طرف راہ راستہ

تو تمہارے رب کا اجر بہتر ہے، اور وہ بہتر روزی دہندہ ہے۔ اور بیشک تم انہیں بلاتے ہو راہِ

مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۷۳﴾ وَاِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ عَنِ الصِّرَاطِ لَنٰكِبُوْنَ ﴿۷۴﴾

مُسْتَقِيْمٍ	وَاِنَّ	الَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	بِالْاٰخِرَةِ	عَنِ	الصِّرَاطِ	لَنٰكِبُوْنَ
سیدھا۔ راستہ	اور بیشک	جو لوگ	ایمان نہیں لاتے	آخرت پر	سے	راہِ (حق)	البتہ ہٹے ہوئے ہیں

راست کی طرف۔ اور جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے، بیشک وہ راہِ حق سے ہٹے ہوئے ہیں۔

وَلَوْ رَحِمْنٰهُمْ وَكَشَفْنَا مَا بِهِمْ مِّنْ ضُرٍّ لَّلَجُّوْا فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۷۵﴾

وَلَوْ	رَحِمْنٰهُمْ	وَكَشَفْنَا	مَا بِهِمْ	مِنْ ضُرٍّ	لَّلَجُّوْا	فِيْ	طُغْيَانِهِمْ	يَعْمَهُوْنَ
اور اگر	ہم ان پر رحم کریں	اور ہم دُور کر دیں	جو اُن پر	جو تکلیف	اڑے رہیں	میں پر	اپنی سرکشی	بھٹکتے رہیں

اور اگر ہم ان پر رحم کریں، اور جو ان پر تکلیف ہے وہ دُور کر دیں، تو وہ اپنی سرکشی پر اڑے رہیں، بھٹکتے پھریں۔

Presented by www.ziaraat.com

وَلَقَدْ اَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ فَمَا اسْتَكَانُوْا لِرَبِّهِمْ وَمَا يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿۷۶﴾ حَتّٰٓى اِذَا

وَ	لَقَدْ اَخَذْنٰهُمْ	بِالْعَذَابِ	فَمَا اسْتَكَانُوْا	لِرَبِّهِمْ	وَمَا يَتَضَرَّعُوْنَ	حَتّٰٓى	اِذَا
اور	البتہ ہم نے انہیں پکڑا	عذاب میں	پھر انہوں نے عاجزی نہ کی	اپنے رب کے سامنے	اور وہ نہ گڑگڑائے	یہاں تک کہ	جب

اور البتہ ہم نے انہیں عذاب میں پکڑا، پھر نہ انہوں نے عاجزی کی، اور نہ وہ گڑگڑائے۔ یہانتک کہ جب

فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا ذَا عَذَابٍ شَدِيْدٍ اِذَا هُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ﴿۷۷﴾ وَهُوَ الَّذِيْ

فَتَحْنَا	عَلَيْهِمْ	بَابًا	ذَا عَذَابٍ	شَدِيْدٍ	اِذَا هُمْ	فِيْهِ	مُبْلِسُوْنَ	وَهُوَ	الَّذِيْ
ہم نے کھول دیئے	ان پر	دروازے	عذاب والا	سخت	تو اس وقت وہ	اس میں	مایوس ہوئے	اور وہ	جس نے

ہم نے ان پر سخت عذاب کے دروازے کھول دیے تو اس وقت وہ اس میں مایوس ہو گئے۔ اور وہی ہے جس نے

اَنْشَاَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۸﴾ وَهُوَ الَّذِيْ

اَنْشَاَ لَكُمُ	السَّمْعَ	وَالْاَبْصَارَ	وَالْاَفْـِٕدَةَ	قَلِيْلًا	مَّا تَشْكُرُوْنَ	وَهُوَ	الَّذِيْ
بنائے تمہارے لئے	کان	اور آنکھیں	اور دل (جمع)	بہت ہی کم	جو تم شکر کرتے ہو	اور وہ	وہی جس نے

تمہارے لئے کان، اور آنکھیں اور دل بنائے، تم بہت ہی کم شکر کرتے ہو۔ اور وہی ہے جس نے

ذَرَاَكُمْ فِي الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۷۹﴾ وَهُوَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَلَهُ

ذَرَاَ	كُمْ	فِي الْاَرْضِ	وَاِلَيْهِ	تُحْشَرُوْنَ	وَهُوَ	الَّذِيْ	يُحْيٖ	وَيُمِيْتُ	وَلَهُ
پھیلایا	تمہیں	زمین میں	اور اس کی طرف	تم جمع ہو کر جاؤ گے	اور وہ	وہی جو	زندہ کرتا ہے	اور مارتا ہے	اور اُسی کے لئے

تمہیں زمین میں پھیلایا، اور اسی کی طرف تم جمع ہو کر جاؤ گے۔ اور وہی ہے جو زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے، اور اُسی کے لئے ہے

اخْتِلَافُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۸۰﴾ بَلْ قَالُوْا مِثْلَ مَا قَالَ الْاَوَّلُوْنَ ﴿۸۱﴾

اخْتِلَافُ	الَّيْلِ	وَالنَّهَارِ	اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ	بَلْ قَالُوْا	مِثْلَ	مَا قَالَ	الْاَوَّلُوْنَ
آنا جانا	رات	اور دن	کیا پس تم سمجھتے نہیں؟	بلکہ انہوں نے کہا	جیسے	جو کہا	پہلوں نے

رات اور دن کا آنا جانا پس کیا تم سمجھتے نہیں؟ بلکہ انہوں نے (وہی) کہا جیسے (ان سے) پہلے (کافر) کہتے تھے۔

قَالُوْٓا ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿۸۲﴾ لَقَدْ وُعِدْنَا

قَالُوْا	ءَاِذَا	مِتْنَا	وَكُنَّا تُرَابًا	وَعِظَامًا	ءَاِنَّا	لَمَبْعُوْثُوْنَ	لَقَدْ وُعِدْنَا
وہ بولے	کیا جب	ہم مر گئے	اور ہم ہو گئے مٹی	اور ہڈیاں	کیا ہم	پھر اٹھائے جائیں گے	البتہ ہم سے وعدہ کیا گیا

وہ بولے، کیا جب ہم مر گئے، اور ہم مٹی اور ہڈیاں ہو گئے، کیا ہم پھر (دوبارہ) اٹھائے جائیں گے؟ البتہ ہم سے وعدہ کیا گیا

Presented by www.ziaraat.com

نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا هٰذَآ اَوْ مِنْ قَبْلُ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۸۳﴾ قُلْ لِّمَنِ

نَحْنُ	وَاٰبَآؤُنَا	هٰذَآ	مِنْ قَبْلُ	اِنْ هٰذَآ	اِلَّآ	اَسَاطِيْرُ	الْاَوَّلِيْنَ	قُلْ	لِّمَنِ
ہم	اور ہمارے باپ دادا	یہ	اس سے قبل	یہ نہیں	مگر (صرف)	کہانیاں	پہلے لوگ	فرمادیں	کس کے لئے

اور اس سے قبل ہمارے باپ دادا سے یہ (وعدہ کیا گیا) یہ تو صرف پہلے لوگوں کی کہانیاں ہیں۔ آپؐ فرما دیں کس کے لئے ہیں

الْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهَآ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۴﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ۭ قُلْ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۸۵﴾

الْاَرْضُ	وَمَنْ	فِيْهَآ	اِنْ	كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ	سَيَقُوْلُوْنَ	لِلّٰهِ	قُلْ	اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ
زمین	اور جو	اس میں	اگر	تم جانتے ہو	جلد ہی (ضرور) وہ کہیں گے	اللہ کے لئے	فرمادیں	کیا پس تم غور نہیں کرتے

زمین اور جو کچھ اس میں ہے؟ اگر تم جانتے ہو۔ وہ ضرور کہیں گے اللہ کے لئے ہے، آپؐ فرمادیں پس کیا تم غور نہیں کرتے؟

قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۸۶﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ۭ قُلْ

قُلْ	مَنْ	رَّبُّ	السَّمٰوٰتِ	السَّبْعِ	وَرَبُّ	الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ	سَيَقُوْلُوْنَ	لِلّٰهِ	قُلْ
فرمادیں	کون	رب	آسمان (جمع)	سات	اور رب	عرشِ عظیم	جلد (ضرور) وہ کہیں گے	اللہ کا	فرمادیں

آپؐ فرمادیں کون ہے سات آسمانوں کا رب اور عرشِ عظیم کا رب؟ وہ ضرور کہیں گے (یہ سب) اللہ کا ہے، آپؐ فرمادیں

اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۸۷﴾ قُلْ مَنْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ يُجِيْرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ

اَفَلَا تَتَّقُوْنَ	قُلْ	مَنْ	بِيَدِهٖ	مَلَكُوْتُ	كُلِّ شَيْءٍ	وَهُوَ	يُجِيْرُ	وَلَا يُجَارُ	عَلَيْهِ
کیا پس تم نہیں ڈرتے	فرمادیں	کون	اسکے ہاتھ میں	بادشاہت (اختیار)	ہر چیز	اور وہ	پناہ دیتا ہے	اور پناہ نہیں دیا جاتا	اسکے خلاف

پس کیا تم نہیں ڈرتے؟ آپؐ فرمادیں کس کے ہاتھ میں ہے ہر چیز کا اختیار؟ اور وہ پناہ دیتا ہے اور اس کے خلاف (کوئی) پناہ نہیں دیا جاتا

اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۸﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ۭ قُلْ فَاَنّٰى تُسْحَرُوْنَ ﴿۸۹﴾ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ

اِنْ	كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ	سَيَقُوْلُوْنَ	لِلّٰهِ	قُلْ	فَاَنّٰى	تُسْحَرُوْنَ	بَلْ	اَتَيْنٰهُمْ
اگر	تم جانتے ہو	جلد (ضرور) وہ کہیں گے	اللہ کے لئے	فرمادیں	پھر کہاں سے	تم جادو میں پھنس گئے ہو	بلکہ	ہم لائے ہیں ان کے پاس

اگر تم جانتے ہو۔ وہ ضرور کہیں گے (ہر اختیار) اللہ کے لئے، آپؐ فرمادیں پھر تم کہاں سے جادو میں پھنس گئے ہو۔ بلکہ ہم اُن کے پاس لائے ہیں

بِالْحَقِّ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۹۰﴾ مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ مِنْ وَّلَدٍ وَّمَا كَانَ مَعَهٗ مِنْ اِلٰهٍ

بِالْحَقِّ	وَاِنَّهُمْ	لَكٰذِبُوْنَ	مَا اتَّخَذَ	اللّٰهُ	مِنْ وَّلَدٍ	وَمَا كَانَ	مَعَهٗ	مِنْ اِلٰهٍ
سچی بات	اور بیشک وہ	البتہ جھوٹے ہیں	نہیں بنایا	اللہ	کسی کو بیٹا	اور نہیں ہے	اس کے ساتھ	کوئی اور معبود

سچی بات، اور بیشک وہ جھوٹے ہیں۔ اللہ نے کسی کو (اپنا) بیٹا نہیں بنایا، اور نہیں ہے اس کے ساتھ کوئی اور معبود

Presented by www.ziaraat.com

إِذًا لَّذَهَبَ كُلُّ إِلَٰهٍۭ بِمَا خَلَقَ وَلَعَلَا بَعْضُهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ ۚ سُبْحَٰنَ ٱللَّهِ

إِذًا	لَّذَهَبَ	كُلُّ	إِلَٰهٍۭ	بِمَا خَلَقَ	وَلَعَلَا	بَعْضُهُمْ	عَلَىٰ بَعْضٍ	سُبْحَٰنَ ٱللَّهِ
اس صورت میں	لے جاتا	ہر	معبود	جو اس نے پیدا کیا	اور چڑھائی کرتا	ان کا ایک	دوسرے پر	پاک ہے اللہ

اس صورت میں ہر معبود لے جاتا جو اس نے پیدا کیا ہوتا، اور ان میں سے ایک دوسرے پر چڑھائی کرتا، پاک ہے اللہ

عَمَّا يَصِفُونَ ﴿٩١﴾ عَٰلِمِ ٱلْغَيْبِ وَٱلشَّهَٰدَةِ فَتَعَٰلَىٰ عَمَّا يُشْرِكُونَ ﴿٩٢﴾ قُل

عَمَّا	يَصِفُونَ	عَٰلِمِ الْغَيْبِ	وَالشَّهَادَةِ	فَتَعَالٰى	عَمَّا	يُشْرِكُونَ	قُلْ
اس سے جو	وہ بیان کرتے ہیں	جاننے والا پوشیدہ	اور آشکارا	پس برتر	اس سے جو	وہ شریک سمجھتے ہیں	فرما دیں

ان (باتوں) سے جو وہ بیان کرتے ہیں۔ وہ جاننے والا ہے پوشیدہ اور آشکارا پس برتر ہے (وہ ہر) اس سے جس کو وہ شریک سمجھتے ہیں۔ آپ فرما دیں

رَّبِّ إِمَّا تُرِيَنِّى مَا يُوعَدُونَ ﴿٩٣﴾ رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِى فِى ٱلْقَوْمِ ٱلظَّٰلِمِينَ ﴿٩٤﴾

رَبِّ	إِمَّا تُرِيَنِّي	مَا يُوعَدُونَ	رَبِّ	فَلَا تَجْعَلْنِي	فِي	الْقَوْمِ الظّٰلِمِينَ
اے میرے رب	اگر تو مجھے دکھا دے	جو ان سے وعدہ کیا جاتا ہے	اے میرے رب	پس تو مجھے نہ کرنا	میں	ظالم لوگ

اے میرے رب! جو اُن سے وعدہ کیا جاتا ہے اگر تو مجھے دکھا دے۔ اے میرے رب! پس تو مجھے ظالم لوگوں میں (شامل) نہ کرنا

وَإِنَّا عَلَىٰٓ أَن نُّرِيَكَ مَا نَعِدُهُمْ لَقَٰدِرُونَ ﴿٩٥﴾ ٱدْفَعْ بِٱلَّتِى هِىَ أَحْسَنُ ٱلسَّيِّئَةَ

وَإِنَّا	عَلٰى	أَنْ نُّرِيَكَ	مَا نَعِدُهُمْ	لَقٰدِرُونَ	ادْفَعْ	بِالَّتِي	هِيَ	أَحْسَنُ السَّيِّئَةَ
اور بیشک ہم	پر	کہ ہم تمہیں دکھا دیں	جو ہم وعدہ کر رہے ہیں ان سے	البتہ قادر ہیں	دفع کرو	اس سے جو	وہ	سب سے اچھی بھلائی	برائی

اور بیشک ہم اس پر قادر ہیں کہ ہم ان سے جو وعدہ کر رہے ہیں تمہیں دکھا دیں۔ سب سے اچھی بھلائی سے برائی کو دفع کرو،

نَحْنُ أَعْلَمُ بِمَا يَصِفُونَ ﴿٩٦﴾ وَقُل رَّبِّ أَعُوذُ بِكَ مِنْ هَمَزَٰتِ ٱلشَّيَٰطِينِ ﴿٩٧﴾

نَحْنُ	أَعْلَمُ	بِمَا	يَصِفُونَ	وَقُلْ	رَّبِّ	أَعُوذُ	بِكَ	مِنْ	هَمَزٰتِ	الشَّيٰطِينِ
ہم	خوب جانتے ہیں	اس کو جو	وہ بیان کرتے ہیں	اور آپ فرما دیں	اے میرے رب	میں پناہ چاہتا ہوں	تیری	سے	وسوسے (جمع)	شیطان (جمع)

ہم خوب جانتے ہیں جو وہ بیان کرتے ہیں۔ اور آپ فرما دیں، اے میرے رب! میں تیری پناہ چاہتا ہوں شیطانوں کے وسوسوں سے۔

وَأَعُوذُ بِكَ رَبِّ أَن يَحْضُرُونِ ﴿٩٨﴾ حَتَّىٰٓ إِذَا جَآءَ أَحَدَهُمُ ٱلْمَوْتُ قَالَ رَبِّ

وَأَعُوذُ	بِكَ	رَبِّ	أَنْ يَّحْضُرُونِ	حَتّٰى	إِذَا جَاءَ	أَحَدَهُمُ	الْمَوْتُ	قَالَ	رَبِّ
اور میں پناہ چاہتا ہوں	تیری	اے میرے رب	کہ وہ آئیں میرے پاس	یہاں تک کہ	جب آئے	ان میں کسی کو	موت	کہتا ہے	اے میرے رب

اور میرے رب! میں تیری پناہ چاہتا ہوں کہ وہ میرے پاس آئیں۔ (وہ غفلت میں رہتے ہیں) یہاں تک کہ جب اُن میں کسی کو موت آئے تو وہ کہتا ہے اے میرے رب!

Presented by www.ziaraat.com

ارْجِعُوْنِ ﴿۹۹﴾ لَعَلِّيْٓ اَعْمَلُ صَالِحًا فِيْمَا تَرَكْتُ كَلَّا ۭ اِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَاۗىِٕلُهَا ۭ

ارْجِعُوْنِ	لَعَلِّيْٓ	اَعْمَلُ	صَالِحًا	فِيْمَا	تَرَكْتُ	كَلَّا	اِنَّهَا	كَلِمَةٌ	هُوَ	قَاۗىِٕلُهَا
مجھے واپس بھیج دے	شاید میں	کام کرلوں	کوئی اچھا کام	اس میں	میں چھوڑ آیا ہوں	ہرگز نہیں	یہ تو	ایک بات	وہ	کہہ رہا ہے

مجھے (پھر دنیا میں) واپس بھیج دے۔ شاید میں اس میں کوئی اچھا کام کرلوں جو چھوڑ آیا ہوں، ہرگز نہیں، یہ تو ایک بات ہے جو وہ کہہ رہا ہے،

وَمِنْ وَّرَاۗىِٕهِمْ بَرْزَخٌ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ فَاِذَا نُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَلَآ اَنْسَابَ

وَ	مِنْ وَّرَاۗىِٕهِمْ	بَرْزَخٌ	اِلٰى يَوْمِ	يُبْعَثُوْنَ	فَاِذَا	نُفِخَ	فِي الصُّوْرِ	فَلَآ اَنْسَابَ
اور	اُن کے آگے	ایک برزخ	اس دن تک	وہ اٹھائے جائیں گے	پھر جب	پھونکا جائے گا	صور میں	تو نہ رشتے

اور ان کے آگے ایک برزخ (آڑ) ہے جس دن (قیامت) تک کہ وہ اٹھائے جائیں گے۔ پھر جب صور پھونکا جائے گا تو نہ رشتے رہیں گے

بَيْنَهُمْ يَوْمَىِٕذٍ وَّلَا يَتَسَاۗءَلُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۲﴾

بَيْنَهُمْ	يَوْمَىِٕذٍ	وَّلَا يَتَسَاۗءَلُوْنَ	فَمَنْ	ثَقُلَتْ	مَوَازِيْنُهٗ	فَاُولٰۗىِٕكَ	هُمُ	الْمُفْلِحُوْنَ
ان کے درمیان	اس دن	اور نہ وہ ایکدوسرے کو پوچھیں گے	پس۔ جو جس	بھاری ہوئی	اس کا تول (پلہ)	پس وہ لوگ	وہ	فلاح پانے والے

اس دن انکے درمیان، اور نہ کوئی ایکدوسرے کو پوچھے گا۔ پس جس (کے اعمال) کا پلہ بھاری ہوا پس وہی لوگ فلاح (نجات) پانے والے ہوں گے۔

وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فِيْ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾

وَمَنْ	خَفَّتْ	مَوَازِيْنُهٗ	فَاُولٰۗىِٕكَ	الَّذِيْنَ	خَسِرُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	فِيْ جَهَنَّمَ	خٰلِدُوْنَ
اور جو جس	ہلکی ہوئی	اس کے تول (پلہ)	تو وہی لوگ	وہ جنہوں نے	خسارہ میں ڈالا	اپنی جانیں	جہنم میں	ہمیشہ رہیں گے

اور جس (کے اعمال) کا پلہ ہلکا ہوا تو وہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنی جانوں کو خسارہ میں ڈالا، وہ جہنم میں ہمیشہ کے لئے رہیں گے۔

تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِيْهَا كٰلِحُوْنَ ﴿۱۰۴﴾ اَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ

تَلْفَحُ	وُجُوْهَهُمُ	النَّارُ	وَهُمْ	فِيْهَا	كٰلِحُوْنَ	اَلَمْ تَكُنْ	اٰيٰتِيْ	تُتْلٰى	عَلَيْكُمْ
جھلس دے گی	ان کے چہرے	آگ	اور وہ	اس میں	تیوری چڑھائے ہوئے	کیا نہ تھیں	میری آیتیں	پڑھی جاتیں	تم پر

آگ اُن کے چہرے جھلس دے گی اور وہ اس میں تیوری چڑھائے ہوئے ہوں گے۔ کیا میری آیتیں تم پر نہ پڑھی جاتی (سنائی جاتی) تھیں؟

فَكُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ قَالُوْا رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَاۗلِّيْنَ ﴿۱۰۶﴾

فَكُنْتُمْ	بِهَا	تُكَذِّبُوْنَ	قَالُوْا	رَبَّنَا	غَلَبَتْ	عَلَيْنَا	شِقْوَتُنَا	وَكُنَّا	قَوْمًا	ضَاۗلِّيْنَ
پس تم تھے	انہیں	تم جھٹلاتے تھے	وہ کہیں گے	اے ہمارے رب	غالب آگئی	ہم پر	ہماری بدبختی	اور ہم تھے	لوگ	راستہ سے بھٹکے ہوئے

پس تم انہیں جھٹلاتے تھے۔ وہ کہیں گے اے ہمارے رب! ہم پر ہماری بدبختی غالب آگئی، اور ہم راستے سے بھٹکے ہوئے لوگ تھے

Presented by www.ziaraat.com

رَبَّنَآ اَخۡرِجۡنَا مِنۡهَا فَاِنۡ عُدۡنَا فَاِنَّا ظٰلِمُوۡنَ ﴿۱۰۷﴾ قَالَ اخۡسَـُٔوۡا فِيۡهَا وَلَا تُكَلِّمُوۡنِ ﴿۱۰۸﴾

رَبَّنَا	اَخۡرِجۡنَا	مِنۡهَا	فَاِنۡ	عُدۡنَا	فَاِنَّا	ظٰلِمُوۡنَ	قَالَ	اخۡسَـُٔوۡا	فِيۡهَا	وَلَا تُكَلِّمُوۡنِ
اے ہمارے رب	ہمیں نکال لے	اس سے	پھر اگر	دوبارہ کیا ہم نے	تو بیشک ہم	ظالم (جمع)	فرمائے گا	پھٹکارے ہوئے پڑے رہو	اس میں	اور کلام نہ کرو مجھ سے

اے ہمارے رب! ہمیں اس سے نکال لے پھر اگر ہم نے دوبارہ (وہی) کیا تو بیشک ہم ظالم ہوں گے ۔ فرمائے گا پھٹکارے ہوئے اس میں پڑے رہو اور مجھ سے کلام نہ کرو

اِنَّهٗ كَانَ فَرِيۡقٌ مِّنۡ عِبَادِىۡ يَقُوۡلُوۡنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغۡفِرۡ لَنَا وَارۡحَمۡنَا وَاَنۡتَ

اِنَّهٗ	كَانَ	فَرِيۡقٌ	مِّنۡ عِبَادِىۡ	يَقُوۡلُوۡنَ	رَبَّنَآ	اٰمَنَّا	فَاغۡفِرۡ لَنَا	وَارۡحَمۡنَا	وَاَنۡتَ
بیشک وہ	تھا	ایک گروہ	میرے بندوں کا	وہ کہتے تھے	اے ہمارے رب	ہم ایمان لائے	سو ہمیں بخشدے	اور ہم پر رحم فرما	اور تو

بیشک ہمارے بندوں کا ایک گروہ تھا، وہ کہتے تھے اے ہمارے رب! ہم ایمان لائے، سو ہمیں بخشدے، اور ہم پر رحم فرما، اور تو

خَيۡرُ الرّٰحِمِيۡنَ ﴿۱۰۹﴾ فَاتَّخَذۡتُمُوۡهُمۡ سِخۡرِيًّا حَتّٰٓى اَنۡسَوۡكُمۡ ذِكۡرِىۡ وَكُنۡتُمۡ

خَيۡرُ	الرّٰحِمِيۡنَ	فَاتَّخَذۡتُمُوۡهُمۡ	سِخۡرِيًّا	حَتّٰٓى	اَنۡسَوۡكُمۡ	ذِكۡرِىۡ	وَكُنۡتُمۡ
بہترین	رحم کرنے والے	پس تم نے انہیں بنا لیا	ٹھٹھا	یہاں تک کہ	انہوں نے بھلا دیا تمہیں	میری یاد	اور تم تھے

بہترین رحم کرنے والا ہے ۔ پس تم نے انہیں ٹھٹھا بنا لیا، یہاں تک کہ انہوں نے تمہیں میری یاد بھلا دی اور تم

مِّنۡهُمۡ تَضۡحَكُوۡنَ ﴿۱۱۰﴾ اِنِّىۡ جَزَيۡتُهُمُ الۡيَوۡمَ بِمَا صَبَرُوۡۤا اَنَّهُمۡ هُمُ الۡفَآئِزُوۡنَ ﴿۱۱۱﴾

مِنۡهُمۡ	تَضۡحَكُوۡنَ	اِنِّىۡ	جَزَيۡتُهُمُ	الۡيَوۡمَ	بِمَا	صَبَرُوۡۤا	اَنَّهُمۡ	هُمُ	الۡفَآئِزُوۡنَ
ان سے	ہنسی کیا کرتے تھے	بیشک میں	میں نے جزا دی انہیں	آج	اس کے بدلے	انہوں نے صبر کیا	بیشک وہ	وہی	مراد کو پہنچنے والے

ان سے ہنسی کیا کرتے تھے ۔ اس کے بدلے کہ انہوں نے صبر کیا بیشک میں نے آج انہیں جزا دی، بیشک وہی مراد کو پہنچنے والے ہیں ۔

قٰلَ كَمۡ لَبِثۡتُمۡ فِى الۡاَرۡضِ عَدَدَ سِنِيۡنَ ﴿۱۱۲﴾ قَالُوۡا لَبِثۡنَا يَوۡمًا اَوۡ بَعۡضَ يَوۡمٍ

قٰلَ	كَمۡ لَبِثۡتُمۡ	فِى الۡاَرۡضِ	عَدَدَ	سِنِيۡنَ	قَالُوۡا	لَبِثۡنَا	يَوۡمًا	اَوۡ	بَعۡضَ يَوۡمٍ
فرمائے گا	کتنی مدت رہے تم	زمین (دنیا) میں	شمار (حساب)	سال (جمع)	وہ کہیں گے	ہم رہے	ایک دن	یا	ایک دن کا کچھ حصہ

(اللہ تعالیٰ) فرمائے گا تم دنیا میں سالوں کے حساب سے کتنی مدت رہے؟ وہ کہیں ہم ایک دن یا ایک دن کا کچھ حصہ رہے،

فَسۡـَٔلِ الۡعَآدِّيۡنَ ﴿۱۱۳﴾ قٰلَ اِنۡ لَّبِثۡتُمۡ اِلَّا قَلِيۡلًا لَّوۡ اَنَّكُمۡ كُنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَ ﴿۱۱۴﴾

فَسۡـَٔلِ	الۡعَآدِّيۡنَ	قٰلَ	اِنۡ لَّبِثۡتُمۡ	اِلَّا	قَلِيۡلًا	لَّوۡ	اَنَّكُمۡ	كُنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَ
پس پوچھ لے	شمار کرنے والے	فرمائے گا	نہیں تم رہے	مگر (صرف)	تھوڑا (عرصہ)	کاش	کہ تم	جانتے ہوتے

پس شمار کرنے والوں سے پوچھ لے ۔ فرمائے گا تم صرف تھوڑا عرصہ رہے کاش کہ تم (یہ حقیقت دنیا میں) جانتے ہوتے ۔

Presented by www.ziaraat.com

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ

اَفَحَسِبْتُمْ	اَنَّمَا	خَلَقْنٰكُمْ	عَبَثًا	وَّاَنَّكُمْ	اِلَيْنَا	لَا تُرْجَعُوْنَ	فَتَعٰلَى	اللّٰهُ
کیا تم خیال کرتے ہو؟	کہ	ہم نے تمہیں پیدا کیا	عبث (بیکار)	اور یہ کہ تم	ہماری طرف	نہیں لوٹائے جاؤ گے	پس بلند تر	اللہ

کیا تم خیال کرتے ہو کہ ہم نے تمہیں بیکار پیدا کیا؟ اور یہ کہ تم ہماری طرف نہیں لوٹائے جاؤ گے؟ پس بلند تر ہے اللہ

الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿۱۱۶﴾ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ

الْمَلِكُ	الْحَقُّ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	رَبُّ	الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ	وَ	مَنْ يَّدْعُ	مَعَ اللّٰهِ
بادشاہ	حقیقی	نہیں	کوئی معبود	اس کے سوا	مالک	عزت والا عرش	اور	جو پکارے	اللہ کے ساتھ

حقیقی بادشاہ، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، عزت والا عرش کا مالک۔ اور جو کوئی پکارے اللہ کے ساتھ

اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ

اِلٰهًا اٰخَرَ	لَا بُرْهَانَ	لَهٗ	بِهٖ	فَاِنَّمَا	حِسَابُهٗ	عِنْدَ رَبِّهٖ	اِنَّهٗ	لَا يُفْلِحُ
کوئی اور معبود	نہیں کوئی سند	اسکے پاس		سو تحقیق	اس کا حساب	اسکے رب کے پاس	بیشک وہ	فلاح (کامیابی) نہیں پائینگے

کوئی اور معبود، اس کے پاس اس کے لئے کوئی سند نہیں، سو اس کا حساب اس کے رب کے پاس ہے، بے شک کامیابی نہیں پائیں گے

الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ ع ۶ ۲۶ ۶

الْكٰفِرُوْنَ	وَقُلْ	رَّبِّ	اغْفِرْ	وَارْحَمْ	وَاَنْتَ	خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ
کافر (جمع)	اور آپؐ کہیں	اے میرے رب	بخشش دے	اور رحم فرما	اور تو	بہترین رحم کرنے والا ہے

کافر۔ اور آپؐ کہیں، اے میرے رب! بخشدے، اور رحم فرما، اور تو بہترین رحم کرنے والا ہے۔

اٰيَاتُهَا ۶۴ | ۲۴ = سُوْرَةُ النُّوْرِ مَدَنِيَّةٌ = ۱۰۲ | رُكُوْعَاتُهَا ۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے

سُوْرَةٌ اَنْزَلْنٰهَا وَفَرَضْنٰهَا وَاَنْزَلْنَا فِيْهَآ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ لَّعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱﴾

سُوْرَةٌ	اَنْزَلْنٰهَا	وَفَرَضْنٰهَا	وَاَنْزَلْنَا	فِيْهَا	اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ	لَّعَلَّكُمْ	تَذَكَّرُوْنَ
ایک سورۃ	جو ہم نے نازل کی	اور لازم کیا اس کو	اور ہم نے نازل کیں	اس میں	واضح آیتیں	تاکہ تم	تم یاد رکھو

یہ ایک سورۃ ہے جو ہم نے نازل کی، اور اس کے احکام کو لازم کیا، اور ہم نے اس میں واضح آیتیں نازل کیں تاکہ تم یاد رکھو (دھیان دو)

Presented by www.ziaraat.com

اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ ۖ وَّلَا تَاْخُذْكُمْ بِهِمَا

اَلزَّانِيَةُ	وَالزَّانِيْ	فَاجْلِدُوْا	كُلَّ وَاحِدٍ	مِّنْهُمَا	مِائَةَ	جَلْدَةٍ	وَّلَا تَاْخُذْكُمْ	بِهِمَا
بدکار عورت	اور بدکار مرد	تو تم کوڑے مارو	ہر ایک کو	ان دونوں میں سے	سَو	کوڑے	اور نہ پکڑو (نہ کھاؤ)	ان پر

بدکار عورت اور بدکار مرد تم دونوں میں سے ہر ایک کو سَو کوڑے مارو ، اور اُن پر نہ کھاؤ

رَاْفَةٌ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۚ وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا

رَاْفَةٌ	فِيْ	دِيْنِ اللّٰهِ	اِنْ	كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ	بِاللّٰهِ	وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ	وَلْيَشْهَدْ	عَذَابَهُمَا
مہربانی (ترس)	میں	اللہ کا حکم	اگر	تم ایمان رکھتے ہو	اللہ پر	اور یوم آخرت	اور چاہیئے کہ موجود ہو	ان کی سزا

ترس اللہ کا حکم (چلانے) میں، اگر تم اللہ پر اور یوم آخرت پر ایمان رکھتے ہو، اور چاہیئے کہ ان کی سزا (کے وقت) موجود ہو

طَآئِفَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝٢ اَلزَّانِيْ لَا يَنْكِحُ اِلَّا زَانِيَةً اَوْ مُشْرِكَةً ۚ وَّالزَّانِيَةُ

طَآئِفَةٌ	مِّنَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	اَلزَّانِيْ	لَا يَنْكِحُ	اِلَّا	زَانِيَةً	اَوْ مُشْرِكَةً	وَالزَّانِيَةُ
ایک جماعت	سے۔ کی	مومن (جمع) مسلمان	بدکار مرد	نکاح نہیں کرتا	سوا	بدکار عورت	یا مشرکہ	اور بدکار عورت

مسلمانوں کی ایک جماعت ۔ بدکار مرد بدکار عورت یا مشرکہ کے سوا نکاح نہیں کرتا ، اور بدکار عورت

لَا يَنْكِحُهَآ اِلَّا زَانٍ اَوْ مُشْرِكٌ ۚ وَحُرِّمَ ذٰلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ۝٣ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ

لَا يَنْكِحُهَآ	اِلَّا زَانٍ	اَوْ مُشْرِكٌ	وَحُرِّمَ	ذٰلِكَ	عَلَى	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَ	الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ
نکاح نہیں کرتی	سوا بدکار مرد	یا مشرک مرد	اور حرام کیا گیا	یہ	پر	مومن (جمع)	اور	جو لوگ تہمت لگائیں

(کبھی) بدکار یا شرک کرنے والے مرد کے سوا (کسی سے) نکاح نہیں کرتی، اور یہ (ایسا نکاح) مومنوں پر حرام کیا گیا ہے ۔ اور جو لوگ تہمت لگائیں

الْمُحْصَنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَاْتُوْا بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمٰنِيْنَ جَلْدَةً وَّلَا تَقْبَلُوْا

الْمُحْصَنٰتِ	ثُمَّ لَمْ يَاْتُوْا	بِاَرْبَعَةِ	شُهَدَآءَ	فَاجْلِدُوْهُمْ	ثَمٰنِيْنَ	جَلْدَةً	وَ لَا تَقْبَلُوْا
پاکدامن عورتیں	پھر وہ نہ لائیں	چار	گواہ	تو تم انہیں کوڑے مارو	اسّی	کوڑے	اور تم نہ قبول کرو

پاکدامن عورتوں پر، پھر وہ (اس پر) چار گواہ نہ لائیں تو تم انہیں اسّی کوڑے مارو اور تم قبول نہ کرو

لَهُمْ شَهَادَةً اَبَدًا ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝٤ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ

لَهُمْ	شَهَادَةً	اَبَدًا	وَاُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْفٰسِقُوْنَ	اِلَّا	الَّذِيْنَ تَابُوْا	مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ
ان کی	گواہی	کبھی	یہی لوگ	وہ	نافرمان	مگر	جن لوگوں نے توبہ کرلی	اس کے بعد

کبھی اُن کی گواہی ، یہی نافرمان لوگ ہیں ۔ مگر جن لوگوں نے اس کے بعد توبہ کر لی

Presented by www.ziaraat.com

وَاَصْلَحُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۵ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ

وَاَصْلَحُوْا	فَاِنَّ	اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	وَالَّذِيْنَ	يَرْمُوْنَ	اَزْوَاجَهُمْ	وَلَمْ يَكُنْ
اور انہوں نے اصلاح کرلی	تو بیشک	اللہ	بخشنے والا	نہایت مہربان	اور جو لوگ	تہمت لگائیں	اپنی بیویاں	اور نہ ہوں

اور انہوں نے اصلاح کر لی، تو بیشک اللہ بخشنے والا نہایت مہربان ہے - اور جو لوگ اپنی بیویوں پر تہمت لگائیں اور ۶

لَّهُمْ شُهَدَآءُ اِلَّآ اَنْفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ اَحَدِهِمْ اَرْبَعُ شَهٰدٰتٍۭ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ

لَهُمْ	شُهَدَآءُ	اِلَّآ	اَنْفُسُهُمْ	فَشَهَادَةُ	اَحَدِهِمْ	اَرْبَعُ	شَهٰدٰتٍ	بِاللّٰهِ	اِنَّهٗ لَمِنَ	الصّٰدِقِيْنَ
ان کے	گواہ	سوا	ان کی جانیں (خود)	پس گواہی	ان میں سے ایک	چار	گواہیاں	اللہ کی قسم	کہ وہ بیشک سچ	بولنے والے

خود ان کے سوا اُن کے گواہ نہ ہوں، تو ان میں سے ہر ایک کی گواہی یہ ہے کہ اللہ کی قسم کے ساتھ چار بار گواہی دے کہ وہ سچ بولنے والوں میں سے ہے (سچا ہے) -

وَالْخَامِسَةُ اَنَّ لَعْنَتَ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كَانَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝۷ وَيَدْرَؤُا عَنْهَا

وَالْخَامِسَةُ	اَنَّ	لَعْنَتَ اللّٰهِ	عَلَيْهِ	اِنْ كَانَ	مِنَ	الْكٰذِبِيْنَ	وَيَدْرَؤُا	عَنْهَا
اور پانچویں	یہ کہ	اللہ کی لعنت	اس پر	اگر ہے وہ	سے	جھوٹ بولنے والے	اور ٹل جائے گی	اس عورت سے

اور پانچویں بار یہ کہ اس پر اللہ کی لعنت ہو اگر وہ جھوٹ بولنے والوں میں سے ہے (جھوٹا ہے) - اور اس عورت سے ٹل جائے گی

الْعَذَابَ اَنْ تَشْهَدَ اَرْبَعَ شَهٰدٰتٍۭ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝۸ وَالْخَامِسَةَ

الْعَذَابَ	اَنْ	تَشْهَدَ	اَرْبَعَ شَهٰدٰتٍ	بِاللّٰهِ	اِنَّهٗ	لَمِنَ	الْكٰذِبِيْنَ	وَ الْخَامِسَةَ
سزا	اگر	گواہی دے	چار بار گواہی	اللہ کی قسم	کہ وہ	البتہ سے	جھوٹے لوگ	اور پانچویں بار

سزا اگر وہ چار بار اللہ کی قسم کے ساتھ گواہی دے کہ وہ (مرد) البتہ جھوٹوں میں سے ہے (جھوٹا ہے) - اور پانچویں بار

اَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَآ اِنْ كَانَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝۹ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ

اَنَّ	غَضَبَ اللّٰهِ	عَلَيْهَا	اِنْ	كَانَ	مِنَ	الصّٰدِقِيْنَ	وَلَوْلَا	فَضْلُ اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ
یہ کہ	اللہ کا غضب	اس پر	اگر	وہ ہے	سے	سچے لوگ	اور اگر نہ	اللہ کا فضل	تم پر

یہ کہ اس عورت پر (مجھ پر) اللہ کا غضب ہو اگر وہ سچوں میں سے ہے (سچا ہے) اور اگر تم پر نہ ہوتا اللہ کا فضل ۱ ع ۱۰ ۷

وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِيْمٌ ۝۱۰ اِنَّ الَّذِيْنَ جَآءُوْ بِالْاِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ ؕ

وَرَحْمَتُهٗ	وَاَنَّ	اللّٰهَ	تَوَّابٌ	حَكِيْمٌ	اِنَّ الَّذِيْنَ	جَآءُوْ بِالْاِفْكِ	عُصْبَةٌ	مِّنْكُمْ
اور اس کی رحمت	اور یہ کہ	اللہ	توبہ قبول کرنیوالا	حکمت والا	بیشک جو لوگ	بڑا بہتان لائے	ایک جماعت	تم میں سے

اور اس کی رحمت (تو یہ مشکل حل نہ ہوتی) اور یہ کہ اللہ توبہ قبول کرنے والا حکمت والا ہے - بیشک جو لوگ بڑا بہتان لائے تم (ہی) میں سے ایک جماعت ہیں

Presented by www.ziaraat.com

لَا تَحْسَبُوْهُ شَرًّا لَّكُمْ ؕ بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ؕ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ مَّا اكْتَسَبَ مِنَ الْاِثْمِ ۚ

لَا تَحْسَبُوْهُ	شَرًّا	لَّكُمْ	بَلْ هُوَ	خَيْرٌ لَّكُمْ	لِكُلِّ امْرِئٍ	مِّنْهُمْ	مَّا اكْتَسَبَ	مِنَ الْاِثْمِ
تم اسے گمان نہ کرو	بُرا	اپنے لئے	بلکہ وہ	بہتر ہے تمہارے لئے	ہر ایک آدمی کے لئے	ان میں سے	جو اس نے کمایا (کیا)	گناہ سے

تم اسے اپنے لئے بُرا گمان نہ کرو بلکہ وہ تمہارے لئے بہتر ہے، ان میں سے ہر آدمی کے لئے جتنا اس نے کیا (اُتنا) گناہ ہے،

وَالَّذِيْ تَوَلّٰى كِبْرَهٗ مِنْهُمْ لَهٗ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۱﴾ لَّوْلَاۤ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ ظَنَّ

وَالَّذِيْ	تَوَلّٰى	كِبْرَهٗ	مِنْهُمْ	لَهٗ	عَذَابٌ	عَظِيْمٌ	لَّوْلَاۤ	اِذْ	سَمِعْتُمُوْهُ	ظَنَّ
اور وہ جس	اٹھایا	بڑا اس کا	اُن میں سے	اسکے لئے	عذاب	بڑا	کیوں نہ	جب	تم نے وہ سُنا	گمان کیا

اور جس نے اس کا بڑا (طوفان) اٹھایا اس کے لئے بڑا عذاب ہے۔ جب تم نے وہ (بہتان) سنا تو کیوں نہ گمان کیا

الْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بِاَنْفُسِهِمْ خَيْرًا ۙ وَّقَالُوْا هٰذَاۤ اِفْكٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۲﴾ لَّوْلَا جَآءُوْ

الْمُؤْمِنُوْنَ	وَالْمُؤْمِنٰتُ	بِاَنْفُسِهِمْ	خَيْرًا	وَقَالُوْا	هٰذَاۤ	اِفْكٌ	مُّبِيْنٌ	لَّوْلَا	جَآءُوْ
مومن مردوں	اور مومن عورتوں	(اپنوں کے) بارہ میں	نیک	اور انہوں نے کہا	یہ	بہتان	صریح	کیوں نہ	وہ لائے

مومن مردوں اور مومن عورتوں نے اپنوں کے بارہ میں (گمان) نیک، اور انہوں نے (کیوں نہ) کہا؟ یہ صریح بہتان ہے۔ وہ کیوں نہ لائے؟

عَلَيْهِ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ ۚ فَاِذْ لَمْ يَاْتُوْا بِالشُّهَدَآءِ فَاُولٰٓئِكَ عِنْدَ اللّٰهِ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ﴿۱۳﴾

عَلَيْهِ	بِاَرْبَعَةِ	شُهَدَآءَ	فَاِذْ	لَمْ يَاْتُوْا	بِالشُّهَدَآءِ	فَاُولٰٓئِكَ	عِنْدَ اللّٰهِ	هُمُ الْكٰذِبُوْنَ
اس پر	چار	گواہ	پس جب	وہ نہ لائے	گواہ	تو وہی لوگ	اللہ کے نزدیک	وہی جھوٹے

اس پر چار گواہ، پس جب وہ گواہ نہ لائے تو اللہ کے نزدیک وہی جھوٹے ہیں۔

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ لَمَسَّكُمْ فِيْ مَاۤ اَفَضْتُمْ فِيْهِ

وَلَوْلَا	فَضْلُ اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ	وَرَحْمَتُهٗ	فِى الدُّنْيَا	وَالْاٰخِرَةِ	لَمَسَّكُمْ	فِيْ مَا	اَفَضْتُمْ	فِيْهِ
اور اگر نہ	اللہ کا فضل	تم پر	اور اسکی رحمت	دنیا میں	اور آخرت	ضرور تم پر پڑتا	اس میں جو	تم پڑے	اس میں

اور اگر تم پر دنیا اور آخرت میں اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو جس (شغل) میں تم پڑے تھے اس میں تم پر ضرور پڑتا

عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۴﴾ اِذْ تَلَقَّوْنَهٗ بِاَلْسِنَتِكُمْ وَتَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِكُمْ مَّا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ

عَذَابٌ	عَظِيْمٌ	اِذْ تَلَقَّوْنَهٗ	بِاَلْسِنَتِكُمْ	وَتَقُوْلُوْنَ	بِاَفْوَاهِكُمْ	مَّا لَيْسَ	لَكُمْ	بِهٖ	عِلْمٌ
عذاب	بڑا	جب تم لاتے تھے اسے	اپنی زبانوں پر	اور تم کہتے تھے	اپنے منہ سے	جو نہیں	تمہیں	اس کا	کوئی علم

بڑا عذاب۔ جب تم (ایک دوسرے سے سن کر) اسے اپنی زبان پر لاتے تھے، اور تم اپنے منہ سے کہتے تھے جس کا تمہیں کوئی علم نہ تھا،

Presented by www.ziaraat.com

وَّتَحْسَبُوْنَهٗ هَيِّنًا ۖ وَّهُوَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمٌ ﴿۱۵﴾ وَلَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ

وَتَحْسَبُوْنَهٗ	هَيِّنًا	وَهُوَ	عِنْدَ اللّٰهِ	عَظِيْمٌ	وَلَوْلَآ	اِذْ	سَمِعْتُمُوْهُ	قُلْتُمْ
اور تم اسے گمان کرتے تھے	ہلکی بات	حالانکہ وہ	اللہ کے نزدیک	بہت بڑی (بات)	اور کیوں نہ	جب	تم نے وہ سنا	تم نے کہا

اور تم اسے ہلکی بات گمان کرتے تھے، حالانکہ وہ اللہ کے نزدیک بہت بڑی بات ہے ۔ جب تم نے وہ سُنا کیوں نہ کہا؟

مَا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّتَكَلَّمَ بِهٰذَا ۖ سُبْحٰنَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۶﴾ يَعِظُكُمُ اللّٰهُ

مَا يَكُوْنُ	لَنَآ	اَنْ نَّتَكَلَّمَ	بِهٰذَا	سُبْحٰنَكَ	هٰذَا	بُهْتَانٌ	عَظِيْمٌ	يَعِظُكُمُ	اللّٰهُ
نہیں ہے	ہمارے لئے	کہ ہم کہیں	ایسی بات	تو پاک ہے	یہ	بہتان	بڑا	تمہیں نصیحت کرتا ہے	اللہ

کہ ہمارے لئے (زیبا) نہیں ہے کہ ہم ایسی بات کہیں (اے اللہ) تو پاک ہے، یہ بڑا بہتان ہے۔ اللہ تمہیں نصیحت کرتا ہے،

اَنْ تَعُوْدُوْا لِمِثْلِهٖٓ اَبَدًا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷﴾ وَيُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ۭ وَاللّٰهُ

اَنْ	تَعُوْدُوْا	لِمِثْلِهٖٓ	اَبَدًا	اِنْ كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ	وَيُبَيِّنُ	اللّٰهُ	لَكُمُ	الْاٰيٰتِ	وَاللّٰهُ
کہ	تم پھر کرو	ایسا کام	کبھی بھی	اگر تم ہو	ایمان والے	اور بیان کرتا ہے	اللہ	تمہارے لئے	آیتیں (احکام)	اور اللہ

(مبادا) تم ایسا کام پھر کبھی کرو، اگر تم ایمان والے ہو ۔ اور اللہ تمہارے لئے احکام (صاف صاف) بیان کرتا ہے، اور اللہ

عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۸﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ فِي الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

عَلِيْمٌ	حَكِيْمٌ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يُحِبُّوْنَ	اَنْ	تَشِيْعَ	الْفَاحِشَةُ	فِي الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
بڑا جاننے والا	حکمت والا	بیشک	جو لوگ	پسند کرتے ہیں	کہ	پھیلے	بے حیائی	ہیں جو	ایمان لائے (مومن)

بڑا جاننے والا حکمت والا ہے ۔ بے شک جو لوگ پسند کرتے ہیں کہ مومنوں میں بے حیائی پھیلے

لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۙ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۹﴾

لَهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	فِي الدُّنْيَا	وَالْاٰخِرَةِ	وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ	وَاَنْتُمْ	لَا تَعْلَمُوْنَ
ان کے لئے	عذاب	دردناک	دنیا میں	اور آخرت میں	اور اللہ	جانتا ہے	اور تم	تم نہیں جانتے

ان کے لئے دنیا اور آخرت میں دردناک عذاب ہے، اور اللہ جانتا ہے جو تم نہیں جانتے ۔

ع ۲ ۱۰ ۸ النصف

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۰﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

وَلَوْلَا	فَضْلُ اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ	وَرَحْمَتُهٗ	وَاَنَّ	اللّٰهَ	رَءُوْفٌ	رَّحِيْمٌ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
اور اگر نہ	اللہ کا فضل	تم پر	اور اس کی رحمت	اور یہ کہ	اللہ	شفقت کرنیوالا	نہایت مہربان ہے	اے	وہ لوگ جو ایمان لائے (مومنو)

اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اسکی رحمت نہ ہوتی (تو کیا کچھ نہ ہو جاتا) اور یہ کہ اللہ شفقت کرنے والا، نہایت مہربان ہے ۔ اے مومنو!

Presented by www.ziaraat.com

لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ وَمَنْ يَّتَّبِعْ خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ فَاِنَّهٗ يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ

لَا تَتَّبِعُوْا	خُطُوٰتِ	الشَّيْطٰنِ	وَمَنْ	يَّتَّبِعْ	خُطُوٰتِ	الشَّيْطٰنِ	فَاِنَّهٗ	يَاْمُرُ	بِالْفَحْشَآءِ
تم نہ پیروی کرو	قدم (جمع)	شیطان	اور جو	پیروی کرتا ہے	قدم (جمع)	شیطان	تو بیشک وہ	حکم دیتا ہے	بے حیائی کا

تم شیطان کے قدموں کی پیروی نہ کرو، اور جو شیطان کے قدموں کی پیروی کرتا ہے تو وہ (شیطان) حکم دیتا ہے بے حیائی کا

وَالْمُنْكَرِ ؕ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ مَا زَكٰى مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَبَدًا ۙ وَّلٰكِنَّ

وَالْمُنْكَرِ	وَلَوْلَا	فَضْلُ اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ	وَرَحْمَتُهٗ	مَا زَكٰى	مِنْكُمْ	مِنْ اَحَدٍ	اَبَدًا	وَّلٰكِنَّ
اور بُری بات	اور اگر نہ	اللہ کا فضل	تم پر	اور اسکی رحمت	نہ پاک ہوتا	تم سے	کوئی آدمی	کبھی بھی	اور لیکن

اور بری بات کا، اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو تم میں سے کوئی آدمی کبھی بھی پاک نہ ہوتا، اور لیکن

اللّٰهَ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۱﴾ وَلَا يَاْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ

اللّٰهَ	يُزَكِّيْ	مَنْ يَّشَآءُ	وَاللّٰهُ	سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ	وَلَا يَاْتَلِ	اُولُوا الْفَضْلِ	مِنْكُمْ
اللہ	پاک کرتا ہے	جسے وہ چاہتا ہے	اور اللہ	سننے والا	جاننے والا	اور قسم نہ کھائیں	فضیلت والے	تم میں سے

اللہ جسے چاہتا ہے پاک کرتا ہے، اور اللہ سننے والا، جاننے والا ہے۔ اور قسم نہ کھائیں تم میں سے فضیلت والے،

وَالسَّعَةِ اَنْ يُّؤْتُوْٓا اُولِي الْقُرْبٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۖ

وَالسَّعَةِ	اَنْ يُّؤْتُوْا	اُولِي الْقُرْبٰى	وَالْمَسٰكِيْنَ	وَالْمُهٰجِرِيْنَ	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
اور وسعت والے	کہ (نہ) دیں	قرابت دار	اور مسکینوں	اور ہجرت کرنیوالے	اللہ کی راہ میں

اور (مال میں) وسعت والے کہ وہ قرابت داروں کو، مسکینوں کو اور اللہ کی راہ میں ہجرت کرنے والوں کو نہ دیں گے۔

وَلْيَعْفُوْا وَلْيَصْفَحُوْا ؕ اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۲﴾

وَلْيَعْفُوْا	وَلْيَصْفَحُوْا	اَلَا تُحِبُّوْنَ	اَنْ	يَّغْفِرَ اللّٰهُ	لَكُمْ	وَاللّٰهُ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ
اور چاہیئے کہ وہ معاف کردیں	اور وہ درگزر کریں	کیا تم نہیں چاہتے ؟	کہ	اللہ بخشدے	تمہیں	اور اللہ	بخشنے والا	نہایت مہربان

اور چاہیئے کہ وہ معاف کردیں، اور درگزر کریں، کیا تم نہیں چاہتے کہ اللہ تمہیں بخش دے؟ اور اللہ بخشنے والا، نہایت مہربان ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ الْغٰفِلٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ لُعِنُوْا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۖ

اِنَّ	الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ	الْمُحْصَنٰتِ	الْغٰفِلٰتِ	الْمُؤْمِنٰتِ	لُعِنُوْا	فِي الدُّنْيَا	وَالْاٰخِرَةِ
بیشک	جو لوگ تہمت لگاتے ہیں	پاکدامن (جمع)	بھولی بھالی انجان	مومن عورتیں	لعنت کیے گئے ان پر	دنیا میں	اور آخرت

بیشک جو لوگ پاکدامن، انجان مومن عورتوں پر تہمت لگاتے ہیں ان پر دنیا اور آخرت میں لعنت ہے،

Presented by www.ziaraat.com

وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿۲۳﴾ يَوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ أَلْسِنَتُهُمْ وَأَيْدِيهِمْ وَأَرْجُلُهُمْ

وَلَهُمْ	عَذَابٌ	عَظِيمٌ	يَوْمَ	تَشْهَدُ	عَلَيْهِمْ	أَلْسِنَتُهُمْ	وَأَيْدِيهِمْ	وَأَرْجُلُهُمْ
اوران کے لئے	عذاب	بڑا	دن	گواہی دیں گی	ان پر (خلاف)	ان کی زبانیں	اور اُن کے ہاتھ	اوران کے پاؤں

اوران کے لئے بڑا عذاب ہے ۔ جس دن اُن کی زبانیں، اوران کے ہاتھ، اورانکے پاؤں اُن کے خلاف گواہی دیں گے

بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿۲۴﴾ يَوْمَئِذٍ يُوَفِّيهِمُ اللَّهُ دِينَهُمُ الْحَقَّ وَيَعْلَمُونَ أَنَّ

بِمَا	كَانُوا يَعْمَلُونَ	يَوْمَئِذٍ	يُوَفِّيهِمُ	اللَّهُ	دِينَهُمُ	الْحَقَّ	وَيَعْلَمُونَ	أَنَّ
اسکی جو	وہ کرتے تھے	اس دن	پورا دے گا انہیں	اللہ	ان کا بدلہ	سچ (ٹھیک ٹھیک)	اور وہ جان لیں گے	کہ

اس کی جو وہ کرتے تھے۔ اس دن اللہ انہیں ان کا بدلہ ٹھیک ٹھیک پورا دے گا ، اور وہ جان لیں گے کہ

اللَّهَ هُوَ الْحَقُّ الْمُبِينُ ﴿۲۵﴾ الْخَبِيثَاتُ لِلْخَبِيثِينَ وَالْخَبِيثُونَ لِلْخَبِيثَاتِ ۚ

اللَّهَ	هُوَ	الْحَقُّ	الْمُبِينُ	الْخَبِيثَاتُ	لِلْخَبِيثِينَ	وَالْخَبِيثُونَ	لِلْخَبِيثَاتِ
اللہ	وہی	برحق	ظاہر کرنے والا	ناپاک (گندی) عورتیں	گندے مردوں کے لئے	اور گندے مرد	گندی عورتوں کے لئے

اللہ ہی برحق ہے (حق کو) ظاہر کرنے والا ہے ۔ گندی عورتیں گندے مردوں کے لئے ہیں، اور گندے مرد گندی عورتوں کے لئے ہیں،

وَالطَّيِّبَاتُ لِلطَّيِّبِينَ وَالطَّيِّبُونَ لِلطَّيِّبَاتِ ۚ أُولَٰئِكَ مُبَرَّءُونَ مِمَّا يَقُولُونَ ۖ

وَالطَّيِّبَاتُ	لِلطَّيِّبِينَ	وَالطَّيِّبُونَ	لِلطَّيِّبَاتِ	أُولَٰئِكَ	مُبَرَّءُونَ	مِمَّا	يَقُولُونَ
اور پاک عورتیں	پاک مردوں کے لئے	اور پاک مرد (جمع)	پاک عورتوں کے لئے	یہ لوگ	مبرّا ہیں	اس سے جو	وہ کہتے ہیں

اور پاک عورتیں پاک مردوں کے لئے ہیں، اور پاک مرد پاک عورتوں کے لئے ہیں، یہ لوگ اس سے مبرّا (بری) ہیں جو وہ کہتے ہیں،

لَهُمْ مَغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ ﴿۲۶﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَدْخُلُوا بُيُوتًا غَيْرَ بُيُوتِكُمْ

لَهُمْ	مَغْفِرَةٌ	وَرِزْقٌ	كَرِيمٌ	يَا أَيُّهَا	الَّذِينَ	آمَنُوا	لَا تَدْخُلُوا	بُيُوتًا	غَيْرَ بُيُوتِكُمْ
ان کے لئے	مغفرت	اور روزی	عزت کی	اے	جو لوگ	(ایمان لائے (مومن)	تم نہ داخل ہو	گھر (جمع)	اپنے گھروں کے سوا

ان کے لئے مغفرت اور عزت کی روزی ہے ۔ اے مومنو! تم اپنے گھروں کے سوا (دوسرے) گھروں میں داخل نہ ہو،

حَتَّىٰ تَسْتَأْنِسُوا وَتُسَلِّمُوا عَلَىٰ أَهْلِهَا ۖ ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ﴿۲۷﴾

حَتَّىٰ	تَسْتَأْنِسُوا	وَتُسَلِّمُوا	عَلَىٰ	أَهْلِهَا	ذَٰلِكُمْ	خَيْرٌ	لَّكُمْ	لَعَلَّكُمْ	تَذَكَّرُونَ
یہانتک کہ	تم اجازت لے لو	اور تم سلام کرلو	پر۔کو	ان (کے رہنے والے	یہ	بہتر ہے	تمہارے لئے	تاکہ تم	تم نصیحت پکڑو

یہاں تک کہ تم اجازت لے لو ، اور تم اُن کے رہنے والوں کو سلام کر لو، یہ تمہارے لئے بہتر ہے تاکہ تم نصیحت پکڑو ۔

Presented by www.ziaraat.com

فَإِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فِيْهَآ اَحَدًا فَلَا تَدْخُلُوْهَا حَتّٰى يُؤْذَنَ لَكُمْ ۚ وَاِنْ قِيْلَ لَكُمُ ارْجِعُوْا

فَاِنْ	لَّمْ تَجِدُوْا	فِيْهَا	اَحَدًا	فَلَا تَدْخُلُوْهَا	حَتّٰى	يُؤْذَنَ	لَكُمْ	وَاِنْ	قِيْلَ لَكُمُ	ارْجِعُوْا
پھر اگر	تم نہ پاؤ	اس میں	کسی کو	تو تم نہ داخل ہو اس میں	یہاں تک کہ	اجازت دی جائے	تمہیں	اور اگر	تمہیں کہا جائے	تم لوٹ جاؤ

پھر اگر اس (گھر) میں تم کسی کو نہ پاؤ تو اس میں داخل نہ ہو یہاں تک کہ تمہیں اجازت دی جائے، اور اگر تمہیں کہا جائے کہ لوٹ جاؤ

فَارْجِعُوْا هُوَ اَزْكٰى لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿۲۸﴾ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ

فَارْجِعُوْا	هُوَ	اَزْكٰى	لَكُمْ	وَاللّٰهُ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	عَلِيْمٌ	لَيْسَ	عَلَيْكُمْ	جُنَاحٌ	اَنْ
تو تم لوٹ جایا کرو	یہی	زیادہ پاکیزہ	تمہارے لئے	اور اللہ	وہ جو	تم کرتے ہو	جاننے والا	نہیں	تم پر	کوئی گناہ	اگر

تو تم لوٹ جایا کرو، یہی تمہارے لئے زیادہ پاکیزہ ہے، اور جو تم کرتے ہو اللہ جاننے والا ہے۔ تم پر (اس میں) کوئی گناہ نہیں اگر

تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ مَسْكُوْنَةٍ فِيْهَا مَتَاعٌ لَّكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا

تَدْخُلُوْا	بُيُوْتًا	غَيْرَ مَسْكُوْنَةٍ	فِيْهَا	مَتَاعٌ	لَّكُمْ	وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ	مَا تُبْدُوْنَ	وَمَا
تم داخل ہو	ان گھروں میں	جہاں کسی کی سکونت نہیں	جن میں	کوئی چیز	تمہاری	اور اللہ	جانتا ہے	جو تم ظاہر کرتے ہو	اور جو

تم ان گھروں میں داخل ہو جن میں کسی کی سکونت (رہائش) نہیں، جس میں تمہاری کوئی چیز ہو اور اللہ (خوب) جانتا ہے جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو

تَكْتُمُوْنَ ﴿۲۹﴾ قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ۭ

تَكْتُمُوْنَ	قُلْ	لِّلْمُؤْمِنِيْنَ	يَغُضُّوْا	مِنْ	اَبْصَارِهِمْ	وَيَحْفَظُوْا	فُرُوْجَهُمْ
تم چھپاتے ہو	آپؐ فرمادیں	مومن مردوں کو	وہ نیچی رکھیں	سے	اپنی نگاہیں	اور وہ حفاظت کریں	اپنی شرمگاہیں

تم چھپاتے ہو۔ آپؐ فرمادیں مومن مردوں کو کہ وہ اپنی نگاہیں نیچی رکھیں، اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں،

ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ

ذٰلِكَ	اَزْكٰى	لَهُمْ	اِنَّ اللّٰهَ	خَبِيْرٌۢ	بِمَا	يَصْنَعُوْنَ	وَقُلْ	لِّلْمُؤْمِنٰتِ	يَغْضُضْنَ
یہ	زیادہ ستھرا	انکے لئے	بیشک اللہ	باخبر ہے	اس سے جو	وہ کرتے ہیں	اور فرمادیں	مومن عورتوں کو	وہ نیچی رکھیں

یہ ان کے لئے زیادہ ستھرا ہے، بیشک اللہ اس سے باخبر ہے جو وہ کرتے ہیں۔ اور آپؐ فرمادیں مومن عورتوں کو کہ وہ نیچی رکھیں

مِنْ اَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا

مِنْ	اَبْصَارِهِنَّ	وَيَحْفَظْنَ	فُرُوْجَهُنَّ	وَلَا يُبْدِيْنَ	زِيْنَتَهُنَّ	اِلَّا	مَا	ظَهَرَ مِنْهَا
سے	اپنی نگاہیں	اور وہ حفاظت کریں	اپنی شرمگاہیں	اور وہ ظاہر نہ کریں	اپنی زینت	مگر	جو	اس میں سے ظاہر ہوا

اپنی نگاہیں، اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں اور اپنی زینت (کے مقامات) کو ظاہر نہ کریں مگر جو اس میں سے ظاہر ہوا (جس کا ظاہر ہونا ناگزیر ہے)

Presented by www.ziaraat.com

وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ ۖ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ

وَلْيَضْرِبْنَ	بِخُمُرِهِنَّ	عَلٰى	جُيُوْبِهِنَّ	وَلَا يُبْدِيْنَ	زِيْنَتَهُنَّ	اِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ
اور ڈالے رہیں	اپنی اوڑھنیاں	پر	اپنے سینے (گریبان)	اور وہ ظاہر نہ کریں	اپنی زینت	سوائے اپنے خاوندوں پر

اور وہ اپنی اوڑھنیاں اپنے گریبانوں پر ڈالے رہیں اور اپنی زینت (کے مقام) ظاہر نہ کریں سوائے اپنے خاوندوں پر،

اَوْ اٰبَآئِهِنَّ اَوْ اٰبَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اَبْنَآئِهِنَّ اَوْ اَبْنَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ

اَوْ	اٰبَآئِهِنَّ	اَوْ	اٰبَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ	اَوْ	اَبْنَآئِهِنَّ	اَوْ	اَبْنَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ	اَوْ	اِخْوَانِهِنَّ	اَوْ
یا	اپنے باپ (جمع)	یا	اپنے شوہروں کے باپ (خسر)		یا اپنے بیٹے		یا اپنے شوہروں کے بیٹے		یا اپنے بھائی	یا

یا اپنے باپ، یا اپنے خسر، یا اپنے بیٹوں، یا اپنے شوہر کے بیٹوں، یا اپنے بھائیوں کے، یا

بَنِيْٓ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اَخَوٰتِهِنَّ اَوْ نِسَآئِهِنَّ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ

بَنِيْٓ اِخْوَانِهِنَّ	اَوْ بَنِيْٓ اَخَوٰتِهِنَّ	اَوْ نِسَآئِهِنَّ	اَوْ مَا مَلَكَتْ	اَيْمَانُهُنَّ
اپنے بھائی کے بیٹے (بھتیجے)	یا اپنی بہنوں کے بیٹے (بھانجے)	یا اپنی (مسلمان) عورتیں	یا جن کے مالک ہوئے	انکے دائیں ہاتھ (کنیزیں)

اپنے بھتیجوں کے، اپنے بھانجوں کے، یا اپنی مسلمان عورتوں، یا اپنی کنیزوں،

اَوِ التّٰبِعِيْنَ غَيْرِ اُولِي الْاِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ اَوِ الطِّفْلِ الَّذِيْنَ لَمْ يَظْهَرُوْا

اَوِ التّٰبِعِيْنَ	غَيْرِ اُولِي الْاِرْبَةِ	مِنَ	الرِّجَالِ	اَوِ الطِّفْلِ	الَّذِيْنَ	لَمْ يَظْهَرُوْا
یا خدمتگار مرد	نہ غرض رکھنے والے	سے	مرد	یا لڑکے	وہ جو کہ	وہ واقف نہیں ہوئے

یا وہ خدمت گار مرد جو (عورتوں سے) غرض نہ رکھنے والے ہوں، یا وہ لڑکے جو ابھی واقف نہیں

عَلٰى عَوْرٰتِ النِّسَآءِ ۖ وَلَا يَضْرِبْنَ بِاَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ مَا يُخْفِيْنَ مِنْ زِيْنَتِهِنَّ ۭ

عَلٰى	عَوْرٰتِ النِّسَآءِ	وَلَا يَضْرِبْنَ	بِاَرْجُلِهِنَّ	لِيُعْلَمَ	مَا يُخْفِيْنَ	مِنْ زِيْنَتِهِنَّ
پر	عورتوں کے پردے	اور وہ نہ ماریں	اپنے پاؤں	کہ جان (پہچان) لیا جائے	جو چھپائے ہوئے ہیں	سے اپنی زینت

عورتوں کے پردے (کے معاملات) پر، اور وہ اپنے پاؤں (زمین پر) نہ ماریں کہ وہ جو اپنی زینت چھپائے ہوئے ہیں پہچان لی جائے،

وَتُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ جَمِيْعًا اَيُّهَ الْمُؤْمِنُوْنَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝۳۱ وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى

وَتُوْبُوْٓا	اِلَى اللّٰهِ	جَمِيْعًا	اَيُّهَ الْمُؤْمِنُوْنَ	لَعَلَّكُمْ	تُفْلِحُوْنَ	وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى
اور تم توبہ کرو	اللہ کی طرف (آگے)	سب	اے ایمان والو	تاکہ تم	فلاح (دو جہان کی کامیابی) پاؤ	اور تم نکاح کرو بیوہ عورتیں

اے ایمان والو! تم سب اللہ کے آگے توبہ کرو تاکہ تم دو جہان کی کامیابی پاؤ۔ اور تم نکاح کرو اپنی بیوہ عورتوں کا

Presented by www.ziaraat.com

مِنكُمْ وَالصّٰلِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَاِمَآئِكُمْ ؕ اِنْ يَّكُوْنُوْا فُقَرَآءَ يُغْنِهِمُ اللّٰهُ

مِنكُمْ	وَالصّٰلِحِيْنَ	مِنْ	عِبَادِكُمْ	وَاِمَآئِكُمْ	اِنْ يَّكُوْنُوْا	فُقَرَآءَ	يُغْنِهِمُ	اللّٰهُ
اپنے میں سے (رانڈی)	اور نیک	سے	اپنے غلام	اور اپنی کنیزیں	اگر وہ ہوں	تنگدست (جمع)	(انہیں غنی کردے گا	اللہ

اور اپنے نیک غلاموں اور اپنی کنیزوں کا ، اگر وہ تنگدست ہوں تو اللہ انہیں غنی کر دے گا

مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۳۲﴾ وَلْيَسْتَعْفِفِ الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ نِكَاحًا

مِنْ فَضْلِهٖ	وَاللّٰهُ	وَاسِعٌ	عَلِيْمٌ	وَلْيَسْتَعْفِفِ	الَّذِيْنَ	لَا يَجِدُوْنَ	نِكَاحًا
اپنے فضل سے	اور اللہ	وسعت والا	علم والا	اور چاہیئے کہ بچے رہیں	وہ لوگ جو	نہیں پاتے	نکاح

اپنے فضل سے، اور اللہ وسعت والا، علم والا ہے ۔ اور چاہیئے کہ بچے رہیں (پاکدامن رہیں) وہ جو کہ نکاح (مقدور) نہیں پاتے

حَتّٰى يُغْنِيَهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَالَّذِيْنَ يَبْتَغُوْنَ الْكِتٰبَ مِمَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ

حَتّٰى	يُغْنِيَهُمُ	اللّٰهُ	مِنْ فَضْلِهٖ	وَالَّذِيْنَ	يَبْتَغُوْنَ	الْكِتٰبَ	مِمَّا	مَلَكَتْ	اَيْمَانُكُمْ
یہاں تک کہ	انہیں غنی کردے	اللہ	اپنے فضل سے	اور جو لوگ	چاہتے ہوں	مکاتبت	ان میں سے جو	مالک ہوں	تمہارے دائیں ہاتھ (غلام)

یہاں تک کہ اللہ انہیں اپنے فضل سے غنی کر دے ، اور ان میں جو تمہارے غلام ہوں مکاتبت (کچھ لے دیکر آزادی کی تحریر) چاہتے ہوں

فَكَاتِبُوْهُمْ اِنْ عَلِمْتُمْ فِيْهِمْ خَيْرًا ۖ وَّاٰتُوْهُمْ مِّنْ مَّالِ اللّٰهِ الَّذِيْٓ اٰتٰىكُمْ ؕ

فَكَاتِبُوْهُمْ	اِنْ عَلِمْتُمْ	فِيْهِمْ	خَيْرًا	وَّاٰتُوْهُمْ	مِّنْ	مَّالِ اللّٰهِ	الَّذِيْٓ اٰتٰىكُمْ
تو تم ان سے مکاتبت (آزادی کی تحریر) کرلو	اگر تم جانو (پاؤ)	ان میں	بہتری	اور تم ان کو دو	سے	اللہ کا مال	جو اس نے تمہیں دیا

تو تم اُن سے مکاتبت (آزادی کی تحریر) کرلو ، اگر تم ان میں بہتری پاؤ ، اور اس مال میں سے ان کو دو جو اللہ نے تمہیں دیا ہے ،

وَلَا تُكْرِهُوْا فَتَيٰتِكُمْ عَلَى الْبِغَآءِ اِنْ اَرَدْنَ تَحَصُّنًا لِّتَبْتَغُوْا عَرَضَ الْحَيٰوةِ

وَلَا تُكْرِهُوْا	فَتَيٰتِكُمْ	عَلَى الْبِغَآءِ	اِنْ اَرَدْنَ	تَحَصُّنًا	لِّتَبْتَغُوْا	عَرَضَ	الْحَيٰوةِ
اور تم نہ مجبور کرو	اپنی کنیزیں	بدکاری پر	اگر وہ چاہیں	پاکدامن رہنا	تاکہ تم حاصل کرلو	سامان	زندگی

اور اپنی کنیزوں کو بدکاری پر مجبور نہ کرو ، اگر وہ پاکدامن رہنا چاہیں (محض اس لئے کہ) تم دنیا کی زندگی کا سامان حاصل کرلو ،

الدُّنْيَا ؕ وَمَنْ يُّكْرِهْهُّنَّ فَاِنَّ اللّٰهَ مِنْۢ بَعْدِ اِكْرَاهِهِنَّ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۳۳﴾ وَلَقَدْ

الدُّنْيَا	وَمَنْ	يُّكْرِهْهُّنَّ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	مِنْۢ بَعْدِ	اِكْرَاهِهِنَّ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	وَلَقَدْ
دنیا	اور جو	انہیں مجبور کرے گا	تو بیشک	اللہ	بعد	ان کے مجبوری	بخشنے والا	نہایت مہربان	اور تحقیق

اور جو انہیں مجبور کرے گا تو اللہ ان (بیچاریوں کے) مجبور کئے جانے کے بعد بخشنے والا، نہایت مہربان ہے ۔ اور تحقیق

Presented by www.ziaraat.com

اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ وَّمَثَلًا مِّنَ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ وَمَوْعِظَةً

اَنْزَلْنَا	اِلَيْكُمْ	اٰيٰتٍ	مُّبَيِّنٰتٍ	وَّمَثَلًا	مِّنَ	الَّذِيْنَ	خَلَوْا	مِنْ قَبْلِكُمْ	وَمَوْعِظَةً
ہم نے نازل کئے	تمہاری طرف	احکام	واضح	اور مثالیں	سے	وہ لوگ جو	گزرے	تم سے پہلے	اور نصیحت

ہم نے تمہاری طرف نازل کئے واضح احکام، اور ان لوگوں کی مثالیں جو تم سے پہلے گزرے ہیں اور نصیحت

ع ۴ ۱۰

لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۴﴾ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ؕ

لِلْمُتَّقِيْنَ	اَللّٰهُ	نُوْرُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	مَثَلُ	نُوْرِهٖ	كَمِشْكٰوةٍ	فِيْهَا	مِصْبَاحٌ
پرہیزگاروں کے لئے	اللہ	نور	آسمانوں	اور زمین	مثال	اس کا نور	جیسے ایک طاق	اس میں	ایک چراغ

پرہیزگاروں کے لئے۔ اللہ نور ہے زمین اور آسمانوں کا، اسکے نور کی مثال (ایسی ہے) جیسے ایک طاق ہو، اس میں ایک چراغ ہو،

اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ ؕ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ

اَلْمِصْبَاحُ	فِيْ زُجَاجَةٍ	اَلزُّجَاجَةُ	كَاَنَّهَا	كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ	يُّوْقَدُ	مِنْ	شَجَرَةٍ	مُّبٰرَكَةٍ
چراغ	ایک شیشہ میں	وہ شیشہ	گویا وہ	ایک ستارہ چمکدار	روشن کیا جاتا ہے	سے	درخت	مبارک

چراغ ایک شیشہ (کی قندیل) ہو، وہ شیشہ گویا ایک چمکدار ستارہ ہے، وہ روشن کیا جاتا ہے مبارک درخت

زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ ۙ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ؕ

زَيْتُوْنَةٍ	لَّا شَرْقِيَّةٍ	وَّلَا غَرْبِيَّةٍ	يَّكَادُ	زَيْتُهَا	يُضِيْٓءُ	وَلَوْ	لَمْ تَمْسَسْهُ	نَارٌ
زیتون	نہ مشرق کا	اور نہ مغرب کا	قریب ہے	اس کا تیل	روشن ہو جائے	خواہ	اسے نہ چھوئے	آگ

زیتون سے (جس کا رُخ) نہ مشرق ہے، نہ مغرب، قریب ہے کہ اس کا تیل روشن ہو جائے خواہ اُسے آگ نہ چھوئے،

نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ ؕ يَهْدِي اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ؕ

نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ	يَهْدِي اللّٰهُ	لِنُوْرِهٖ	مَنْ يَّشَآءُ	وَيَضْرِبُ	اللّٰهُ	الْاَمْثَالَ	لِلنَّاسِ
روشنی پر روشنی	رہنمائی کرتا ہے اللہ	اپنے نور کی طرف	وہ جس کو چاہتا ہے	اور بیان کرتا ہے	اللہ	مثالیں	لوگوں کے لئے

نورٌ علیٰ نور (سراسر روشنی) ہے، اللہ جس کو چاہتا ہے اپنے نور کی طرف راہ نمائی کرتا ہے، اور اللہ لوگوں کے لئے مثالیں بیان کرتا ہے،

وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۳۵﴾ فِيْ بُيُوْتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ تُرْفَعَ وَيُذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ ۙ

وَاللّٰهُ	بِكُلِّ شَيْءٍ	عَلِيْمٌ	فِيْ بُيُوْتٍ	اَذِنَ	اللّٰهُ	اَنْ تُرْفَعَ	وَيُذْكَرَ	فِيْهَا	اسْمُهٗ
اور اللہ	ہر شے کو	جاننے والا	ان گھروں میں	حکم دیا	اللہ	کہ بلند کیا جائے	اور لیا جائے	اُن میں	اس کا نام

اور اللہ ہر شے کو جاننے والا ہے۔ (یہ روشنی ہے) ان گھروں میں (جن کی نسبت) اللہ نے حکم دیا ہے کہ انہیں بلند کیا جائے اور ان میں اس کا نام لیا جائے

Presented by www.ziaraat.com

يُسَبِّحُ لَهٗ فِيْهَا بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ﴿۳۶﴾ رِجَالٌ ۙ لَّا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ

يُسَبِّحُ	لَهٗ	فِيْهَا	بِالْغُدُوِّ	وَالْاٰصَالِ	رِجَالٌ	لَا تُلْهِيْهِمْ	تِجَارَةٌ	وَّلَا بَيْعٌ
تسبیح کرتے ہیں	اس کی	ان میں	صبح	اور شام	وہ لوگ	انہیں غافل نہیں کرتی	تجارت	اور نہ خرید و فروخت

وہ ان میں صبح و شام اس کی تسبیح کرتے ہیں۔ وہ لوگ (جنہیں) غافل نہیں کرتی کوئی تجارت، نہ خرید و فروخت

عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءِ الزَّكٰوةِ ۙ يَخَافُوْنَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيْهِ

عَنْ	ذِكْرِ اللّٰهِ	وَاِقَامِ	الصَّلٰوةِ	وَاِيْتَآءِ	الزَّكٰوةِ	يَخَافُوْنَ	يَوْمًا	تَتَقَلَّبُ	فِيْهِ
سے	اللہ کی یاد	اور قائم رکھنا	نماز	اور ادا کرنا	زکوٰۃ	وہ ڈرتے ہیں	اس دن سے	الٹ جائیں گے	اس میں

اللہ کی یاد سے، نماز قائم رکھنے اور زکوٰۃ ادا کرنے سے، وہ اس دن سے ڈرتے ہیں، جس میں الٹ جائیں گے

الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ ﴿۳۷﴾ لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ

الْقُلُوْبُ	وَالْاَبْصَارُ	لِيَجْزِيَهُمُ	اللّٰهُ	اَحْسَنَ	مَا عَمِلُوْا	وَيَزِيْدَهُمْ	مِنْ فَضْلِهٖ
دل (جمع)	اور آنکھیں	تاکہ انہیں جزا دے	اللہ	بہتر سے بہتر	جو انہوں نے کیا (اعمال)	اور وہ انہیں زیادہ دے	اپنے فضل سے

دل اور آنکھیں، تاکہ اللہ انہیں ان کے اعمال کی بہتر سے بہتر جزا دے، اور انہیں اپنے فضل سے زیادہ دے،

وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۳۸﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍ

وَاللّٰهُ	يَرْزُقُ	مَنْ يَّشَآءُ	بِغَيْرِ حِسَابٍ	وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا	اَعْمَالُهُمْ	كَسَرَابٍ
اور اللہ	رزق دیتا ہے	جسے چاہتا ہے	بے حساب	اور جن لوگوں نے کفر کیا	ان کے عمل	سراب کی طرح

اور اللہ جسے چاہتا ہے بے حساب رزق دیتا ہے۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے اعمال سراب (چمکتے ریت کے دھوکے) کی طرح ہیں

بِقِيْعَةٍ يَّحْسَبُهُ الظَّمْاٰنُ مَآءً ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَهٗ لَمْ يَجِدْهُ شَيْـًٔا وَّوَجَدَ اللّٰهَ عِنْدَهٗ

بِقِيْعَةٍ	يَّحْسَبُهُ	الظَّمْاٰنُ	مَآءً	حَتّٰٓى	اِذَا جَآءَهٗ	لَمْ يَجِدْهُ	شَيْـًٔا	وَّوَجَدَ	اللّٰهَ	عِنْدَهٗ
چٹیل میدان میں	گمان کرتا ہے	پیاسا	پانی	یہاں تک کہ	جب وہ وہاں آتا ہے	اس کو نہیں پاتا	کچھ بھی	اور اس نے پایا	اللہ	اپنے پاس

چٹیل میدان میں، پیاسا اسے پانی گمان کرتا ہے، یہاں تک کہ جب وہ وہاں آتا ہے تو اسے کچھ بھی نہیں پاتا، اور اس نے اللہ کو اپنے پاس پایا

فَوَفّٰىهُ حِسَابَهٗ ؕ وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۳۹﴾ اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰىهُ مَوْجٌ

فَوَفّٰىهُ	حِسَابَهٗ	وَاللّٰهُ	سَرِيْعُ الْحِسَابِ	اَوْ كَظُلُمٰتٍ	فِيْ بَحْرٍ	لُّجِّيٍّ	يَّغْشٰىهُ	مَوْجٌ
تو اس (اللہ) نے اسے پورا کر دیا	اس کا حساب	اور اللہ	جلد حساب کرنے والا	یا جیسے اندھیرے	دریا میں	گہرا پانی	اسے ڈھانپ لیتی ہے	موج

تو اللہ نے اس کا حساب پورا کر دیا، اور اللہ جلد حساب کرنیوالا ہے۔ (یا انکے اعمال ایسے ہیں) جیسے گہرے دریا میں اندھیرے، جنہیں ڈھانپ لیتی ہے موج

Presented by www.ziaraat.com

مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ؕ اِذَاۤ اَخْرَجَ يَدَهٗ

مِنْ فَوْقِهٖ	مَوْجٌ	مِّنْ فَوْقِهٖ	سَحَابٌ	ظُلُمٰتٌۢ	بَعْضُهَا	فَوْقَ بَعْضٍ	اِذَآ	اَخْرَجَ	يَدَهٗ
اس کے اوپر سے	ایک (دوسری) موج	اسکے اوپر سے	بادل	اندھیرے	اسکے بعض (ایک)	بعض (دوسرے) کے اوپر	جب	وہ نکالے	اپنا ہاتھ

اس کے اوپر دوسری موج، اس کے اوپر بادل، اندھیرے ہیں ایک پر دوسرا، جب وہ اپنا ہاتھ نکالے

لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ؕ وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ﴿۴۰﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ

لَمْ يَكَدْ	يَرٰىهَا	وَمَنْ	لَّمْ يَجْعَلِ	اللّٰهُ	لَهٗ	نُوْرًا	فَمَا لَهٗ	مِنْ نُّوْرٍ	اَلَمْ تَرَ	اَنَّ اللّٰهَ
نزدیک نہیں (تو) قریب نہیں	تو وہ اسے دیکھے	اور جسے	نہ بنائے (نہ دے)	اللہ	اسکے لئے	نور	تو نہیں اسکے لئے	کوئی نور	کیا تو نے نہیں دیکھا	کہ اللہ

تو توقع نہیں کہ اسے دیکھ سکے، اور جس کے لئے اللہ نور نہ بنائے اس کے لئے کوئی نور نہیں۔ کیا تو نے نہیں دیکھا؟ کہ اللہ

يُسَبِّحُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالطَّيْرُ صٰٓفّٰتٍ ؕ كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهٗ

يُسَبِّحُ	لَهٗ	مَنْ	فِي السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَالطَّيْرُ	صٰٓفّٰتٍ	كُلٌّ	قَدْ عَلِمَ	صَلَاتَهٗ
پاکیزگی بیان کرتا ہے	اسکی	جو	آسمانوں میں	اور زمین	اور پرندے	پر پھیلائے ہوئے	ہر ایک	جان لی	اپنی دعا

کی پاکیزگی بیان کرتا ہے جو (بھی) آسمانوں اور زمین میں ہے، اور پر پھیلائے ہوئے پرندے (بھی)، ہر ایک نے جان لی ہے اپنی دعا

وَتَسْبِيْحَهٗ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ﴿۴۱﴾ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ

وَ	تَسْبِيْحَهٗ	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ	بِمَا	يَفْعَلُوْنَ	وَلِلّٰهِ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ
اور	اپنی تسبیح	اور اللہ	جانتا ہے	وہ جو	وہ کرتے ہیں	اور اللہ کے لئے	بادشاہت	آسمانوں	اور زمین

اور اپنی تسبیح، اور اللہ جانتا ہے جو وہ کرتے ہیں۔ اور اللہ (ہی) کی بادشاہت ہے آسمانوں کی اور زمین کی،

وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ﴿۴۲﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُزْجِيْ سَحَابًا ثُمَّ يُؤَلِّفُ بَيْنَهٗ ثُمَّ يَجْعَلُهٗ

وَ	اِلَى اللّٰهِ	الْمَصِيْرُ	اَلَمْ تَرَ	اَنَّ	اللّٰهَ	يُزْجِيْ	سَحَابًا	ثُمَّ	يُؤَلِّفُ	بَيْنَهٗ	ثُمَّ	يَجْعَلُهٗ
اور	اللہ کی طرف	لوٹ کر جانا	کیا تو نے نہیں دیکھا	کہ	اللہ	چلاتا ہے	بادل (جمع)	پھر	ملاتا ہے وہ	آپس میں	پھر	وہ اسکو کرتا ہے

اور اللہ (ہی) کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ بادل چلاتا ہے، پھر انہیں آپس میں ملاتا ہے، پھر وہ انہیں

رُكَامًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ جِبَالٍ فِيْهَا

رُكَامًا	فَتَرَى	الْوَدْقَ	يَخْرُجُ	مِنْ خِلٰلِهٖ	وَيُنَزِّلُ	مِنَ السَّمَآءِ	مِنْ	جِبَالٍ	فِيْهَا
تہہ بر تہہ	پھر تو دیکھے	بارش	نکلتی ہے	اس کے درمیان سے	اور وہ اتارتا ہے	آسمانوں سے	سے	پہاڑ	اس میں

تہہ بر تہہ کر دیتا ہے، پھر تو دیکھے ان کے درمیان سے بارش نکلتی ہے، اور وہ آسمانوں (میں جو اولوں کے) پہاڑ ہیں ان سے اتارتا ہے

Presented by www.ziaraat.com

مِنۡ بَرَدٍ فَيُصِيۡبُ بِهٖ مَنۡ يَّشَآءُ وَيَصۡرِفُهٗ عَنۡ مَّنۡ يَّشَآءُ ؕ يَكَادُ سَنَا

مِنۡ	بَرَدٍ	فَيُصِيۡبُ	بِهٖ	مَنۡ يَّشَآءُ	وَيَصۡرِفُهٗ	عَنۡ	مَّنۡ يَّشَآءُ	يَكَادُ	سَنَا
سے	اولے	پھر وہ ڈال دیتا ہے	اسے	جس پر چاہے	اور اسے پھیر دیتا ہے	سے	جس سے چاہے	قریب ہے	چمک

اولے۔ پھر وہ جس پر چاہے اسے ڈال دیتا ہے، اور جس سے چاہے وہ اُسے پھیر دیتا ہے، قریب ہے کہ

بَرۡقِهٖ يَذۡهَبُ بِالۡاَبۡصَارِ ؕ﴿۴۳﴾ يُقَلِّبُ اللّٰهُ الَّيۡلَ وَالنَّهَارَ ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَعِبۡرَةً

بَرۡقِهٖ	يَذۡهَبُ	بِالۡاَبۡصَارِ	يُقَلِّبُ اللّٰهُ	الَّيۡلَ	وَالنَّهَارَ	اِنَّ	فِىۡ ذٰلِكَ	لَعِبۡرَةً
اس کی بجلی	لے جائے	آنکھوں کو	بدلتا ہے اللہ	رات	اور دن	بیشک	اس میں	عبرت ہے

اس کی بجلی کی چمک آنکھوں (کی بینائی) لے جائے۔ اللہ رات اور دن کو بدلتا ہے، بیشک اس میں عبرت ہے

لِّاُولِى الۡاَبۡصَارِ ﴿۴۴﴾ وَاللّٰهُ خَلَقَ كُلَّ دَآبَّةٍ مِّنۡ مَّآءٍ ۚ فَمِنۡهُمۡ مَّنۡ يَّمۡشِىۡ عَلٰى بَطۡنِهٖ ۚ

لِّاُولِى الۡاَبۡصَارِ	وَاللّٰهُ	خَلَقَ	كُلَّ دَآبَّةٍ	مِّنۡ مَّآءٍ	فَمِنۡهُمۡ	مَّنۡ يَّمۡشِىۡ عَلٰى بَطۡنِهٖ
آنکھوں والے (عقلمند)	اور اللہ	پیدا کیا	ہر جاندار	پانی سے	پس ان میں سے	جو (کوئی) چلتا ہے اپنے پیٹ پر

عقلمندوں کے لئے۔ اور اللہ نے ہر جاندار پانی سے پیدا کیا، پس ان میں سے کوئی اپنے پیٹ پر چلتا ہے،

وَمِنۡهُمۡ مَّنۡ يَّمۡشِىۡ عَلٰى رِجۡلَيۡنِ ۚ وَمِنۡهُمۡ مَّنۡ يَّمۡشِىۡ عَلٰٓى اَرۡبَعٍ ؕ يَخۡلُقُ اللّٰهُ

وَمِنۡهُمۡ	مَّنۡ يَّمۡشِىۡ	عَلٰى رِجۡلَيۡنِ	وَمِنۡهُمۡ	مَّنۡ يَّمۡشِىۡ	عَلٰٓى اَرۡبَعٍ	يَخۡلُقُ اللّٰهُ
اور ان میں سے	کوئی چلتا ہے	دو پاؤں پر	اور ان میں سے	کوئی چلتا ہے	چار	پر اللہ پیدا کرتا ہے

اور ان میں سے کوئی دو پاؤں پر چلتا ہے، اور ان میں سے کوئی چار (پاؤں) پر چلتا ہے۔ اللہ پیدا کرتا ہے

مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ ﴿۴۵﴾ لَقَدۡ اَنۡزَلۡنَآ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ ؕ وَ

مَا يَشَآءُ	اِنَّ اللّٰهَ	عَلٰى	كُلِّ شَىۡءٍ	قَدِيۡرٌ	لَقَدۡ اَنۡزَلۡنَآ	اٰيٰتٍ	مُّبَيِّنٰتٍ	وَ
جو وہ چاہتا ہے	بیشک اللہ	پر	ہر شے	قدرت رکھنے والا	تحقیق ہم نے نازل کیں	آیتیں	واضح	اور

جو وہ چاہتا ہے، بیشک اللہ ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے۔ تحقیق ہم نے واضح آیتیں نازل کیں، اور

اللّٰهُ يَهۡدِىۡ مَنۡ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسۡتَقِيۡمٍ ﴿۴۶﴾ وَيَقُوۡلُوۡنَ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالرَّسُوۡلِ

اللّٰهُ	يَهۡدِىۡ	مَنۡ يَّشَآءُ	اِلٰى	صِرَاطٍ	مُّسۡتَقِيۡمٍ	وَيَقُوۡلُوۡنَ	اٰمَنَّا	بِاللّٰهِ	وَبِالرَّسُوۡلِ
اللہ	ہدایت دیتا ہے	جسے وہ چاہتا ہے	طرف	راستہ	سیدھا	اور وہ کہتے ہیں	ہم ایمان لائے	اللہ پر	اور رسول پر

اللہ جسے چاہتا ہے سیدھے راستے کی طرف ہدایت دیتا ہے۔ اور وہ کہتے ہیں کہ ہم اللہ اور رسول پر ایمان لائے

Presented by www.ziaraat.com

وَاَطَعْنَا ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مِّنْ بَعْدِ ذٰلِكَ ؕ وَمَآ اُولٰٓئِكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۷﴾

وَاَطَعْنَا	ثُمَّ يَتَوَلّٰى	فَرِيْقٌ	مِّنْهُمْ	مِّنْ بَعْدِ	ذٰلِكَ	وَمَآ اُولٰٓئِكَ	بِالْمُؤْمِنِيْنَ
اور ہم نے حکم مانا	پھر پھر گیا	ایک فریق	ان میں سے	اس کے بعد	اس	اور وہ نہیں	ایمان والے

اور ہم نے حکم مانا، پھر اس کے بعد ان میں سے ایک فریق پھر گیا، اور وہ ایمان والے نہیں۔

وَاِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَاِنْ

وَاِذَا	دُعُوْٓا	اِلَى اللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	لِيَحْكُمَ	بَيْنَهُمْ	اِذَا	فَرِيْقٌ	مِّنْهُمْ	مُّعْرِضُوْنَ	وَاِنْ
اور جب	وہ بلائے جاتے ہیں	اللہ کی طرف	اور اس کا رسول	تاکہ وہ فیصلہ کردیں	انکے درمیان	ناگہاں	ایک فریق	ان میں سے	منہ پھیر لیتا ہے	اور اگر

اور جب وہ اللہ اور اس کے رسول کی طرف بلائے جاتے ہیں تاکہ وہ ان کے درمیان فیصلہ کردیں تو ناگہاں ان میں سے ایک فریق منہ پھیر لیتا ہے۔ اور اگر

يَّكُنْ لَّهُمُ الْحَقُّ يَاْتُوْٓا اِلَيْهِ مُذْعِنِيْنَ ﴿۴۹﴾ اَفِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَمِ ارْتَابُوْٓا اَمْ

يَّكُنْ	لَّهُمُ	الْحَقُّ	يَاْتُوْٓا اِلَيْهِ	مُذْعِنِيْنَ	اَفِيْ قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ	اَمِ	ارْتَابُوْٓا	اَمْ
ہو	انکے لئے	حق	وہ آتے ہیں اسکی طرف	گردن جھکائے	کیا ان کے دلوں میں	کوئی روگ	یا	وہ شک میں پڑے ہیں	یا

ان کے لئے حق (پہنچتا) ہو تو وہ اسکی طرف گردن جھکائے (خوشی سے) چلے آتے ہیں۔ کیا ان کے دلوں میں کوئی روگ ہے، یا وہ شک میں پڑے ہیں، یا

يَخَافُوْنَ اَنْ يَّحِيْفَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَرَسُوْلُهٗ ؕ بَلْ اُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۵۰﴾ ع

يَخَافُوْنَ	اَنْ	يَّحِيْفَ اللّٰهُ	عَلَيْهِمْ	وَرَسُوْلُهٗ	بَلْ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ	الظّٰلِمُوْنَ
وہ ڈرتے ہیں	کہ	ظلم کرے گا اللہ	ان پر	اور اس کا رسول	بلکہ	وہ	وہی	ظالم (جمع)

وہ ڈرتے ہیں کہ اللہ اور اس کا رسول ان پر ظلم کریں گے، (نہیں) بلکہ وہی ظالم ہیں۔

اِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اَنْ

اِنَّمَا	كَانَ	قَوْلَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	اِذَا	دُعُوْٓا	اِلَى اللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	لِيَحْكُمَ	بَيْنَهُمْ	اَنْ
انکے سوا نہیں	ہے	بات	مومن (جمع)	جب	وہ بلائے جاتے ہیں	اللہ کی طرف	اور اس کا رسول	تاکہ وہ فیصلہ کردیں	انکے درمیان	کہ۔ تو

مومنوں کی بات اس کے سوا نہیں کہ جب وہ اللہ اور اس کے رسول کی طرف بلائے جاتے ہیں، تاکہ وہ ان کے درمیان فیصلہ کر دیں، تو

يَّقُوْلُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۵۱﴾ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

يَّقُوْلُوْا	سَمِعْنَا	وَاَطَعْنَا	وَاُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْمُفْلِحُوْنَ	وَمَنْ	يُّطِعِ اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ
وہ کہتے ہیں	ہم نے سنا	اور ہم نے اطاعت کی	اور وہ	وہی	فلاح پانے والے	اور جو	اطاعت کرے اللہ کی	اور اس کا رسول

وہ کہتے ہیں ہم نے سنا اور ہم نے اطاعت کی اور وہی ہیں فلاح (دو جہان کی کامیابی) پانے والے۔ اور جو کوئی اللہ اور اسکے رسول کی اطاعت کرے

Presented by www.ziaraat.com

وَيَخْشَ اللّٰهَ وَيَتَّقْهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ

وَيَخْشَ	اللّٰهَ	وَيَتَّقْهِ	فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْفَآئِزُوْنَ	وَاَقْسَمُوْا	بِاللّٰهِ	جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ
اور ڈرے	اللہ	اور پرہیزگاری کرے	پس وہ	وہی	کامیاب ہونیوالے	اور انہوں نے قسم کھائی	اللہ کی	اپنی زور دار قسمیں

اور اللہ سے ڈرے اور پرہیزگاری کرے پس وہی لوگ کامیاب ہونے والے ہیں۔ اور انہوں نے اللہ کی زوردار قسمیں کھائیں

لَئِنْ اَمَرْتَهُمْ لَيَخْرُجُنَّ ؕ قُلْ لَّا تُقْسِمُوْا ۚ طَاعَةٌ مَّعْرُوْفَةٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا

لَئِنْ	اَمَرْتَهُمْ	لَيَخْرُجُنَّ	قُلْ	لَّا تُقْسِمُوْا	طَاعَةٌ	مَّعْرُوْفَةٌ	اِنَّ اللّٰهَ	خَبِيْرٌۢ	بِمَا
البتہ اگر	آپ حکم دیں انہیں	تو وہ ضرور نکل کھڑے ہونگے	فرمادیں	تم قسمیں نہ کھاؤ	اطاعت	پسندیدہ	بیشک اللہ	خبر رکھتا ہے	وہ جو

کہ اگر آپؐ انہیں حکم دیں تو وہ ضرور (جہاد کیلئے) نکل کھڑے ہونگے آپؐ فرمادیں تم قسمیں نہ کھاؤ پسندیدہ اطاعت (مطلوب ہے) بیشک اللہ اسکی خبر رکھتا ہے وہ جو

تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۳﴾ قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْهِ مَا

تَعْمَلُوْنَ	قُلْ	اَطِيْعُوا اللّٰهَ	وَاَطِيْعُوا	الرَّسُوْلَ	فَاِنْ تَوَلَّوْا	فَاِنَّمَا	عَلَيْهِ	مَا
تم کرتے ہو	فرمادیں	تم اطاعت کرو اللہ کی	اور اطاعت کرو	رسول کی	پھر اگر تم پھر گئے	تو اسکے سوا نہیں	اس پر	جو

تم کرتے ہو۔ آپؐ فرمادیں تم اللہ کی اور رسول کی اطاعت کرو، پھر اگر تم پھر گئے تو اس کے سوا نہیں کہ رسول پر اسی قدر ہے جو

حُمِّلَ وَعَلَيْكُمْ مَّا حُمِّلْتُمْ ؕ وَاِنْ تُطِيْعُوْهُ تَهْتَدُوْا ؕ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا

حُمِّلَ	وَعَلَيْكُمْ	مَا حُمِّلْتُمْ	وَاِنْ	تُطِيْعُوْهُ	تَهْتَدُوْا	وَمَا	عَلَى	الرَّسُوْلِ	اِلَّا
بوجھ ڈالا گیا (دفتے)	اور تم پر	جو بوجھ ڈالا گیا تم پر (دفتے)	اور اگر	تم اطاعت کروگے	تم ہدایت پالوگے	اور نہیں	پر	رسول	مگر صرف

اس کے ذمے کیا گیا ہے اور تم پر (لازم ہے) جو تمہارے ذمے ڈالا گیا ہے اگر تم اسکی اطاعت کروگے تو ہدایت پالوگے، اور رسول پر صرف

الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۵۴﴾ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ

الْبَلٰغُ	الْمُبِيْنُ	وَعَدَ اللّٰهُ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مِنْكُمْ	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ
پہنچا دینا	صاف صاف	اللہ نے وعدہ کیا	ان لوگوں سے	جو ایمان لائے	تم میں سے	اور کام کئے	نیک	وہ ضرور انہیں خلافت دے گا

صاف صاف پہنچا دینا ہے۔ اللہ نے ان لوگوں سے وعدہ کیا ہے جو تم میں سے ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے انہیں ضرور خلافت (سلطنت) دے گا

فِى الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۪ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِى

فِى الْاَرْضِ	كَمَا	اسْتَخْلَفَ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	وَلَيُمَكِّنَنَّ	لَهُمْ	دِيْنَهُمُ	الَّذِى
زمین میں	جیسے	اس نے خلافت دی	وہ لوگ جو	ان سے پہلے	اور ضرور قوت دے گا	انکے لئے	ان کا دین	جو

زمین میں، جیسے ان کے پہلوں کو خلافت دی، اور البتہ اُن کے لئے اُن کا دین ضرور قوت (استحکام) دے گا، جو

Presented by www.ziaraat.com

ارْتَضٰى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ؕ يَعْبُدُوْنَنِيْ لَا يُشْرِكُوْنَ بِيْ

ارْتَضٰى	لَهُمْ	وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ	مِّنْۢ بَعْدِ	خَوْفِهِمْ	اَمْنًا	يَعْبُدُوْنَنِيْ	لَا يُشْرِكُوْنَ	بِيْ
اس نے پسند کیا	ان کے لئے	اور البتہ وہ ضرور بدل دے گا انکے لئے	بعد	ان کا خوف	امن	وہ میری عبادت کریں گے	وہ شریک نہ کریں گے	میرا

اس نے اُن کے لئے پسند کیا، اور البتہ اُن کے لئے خوف کے بعد ضرور امن بدل دیگا، وہ میری عبادت کریں گے، میرا شریک نہ کریں گے

شَيْـًٔا ؕ وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۵۵﴾ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ

شَيْـًٔا	وَمَنْ	كَفَرَ	بَعْدَ ذٰلِكَ	فَاُولٰٓئِكَ هُمُ	الْفٰسِقُوْنَ	وَاَقِيْمُوا	الصَّلٰوةَ
کوئی شے	اور جس	ناشکری کی	اس کے بعد	پس وہی لوگ	نافرمان (جمع)	اور تم قائم کرو	نماز

کسی شے کو اور جس نے اس کے بعد ناشکری کی، پس وہی لوگ نافرمان ہیں۔ اور تم نماز قائم کرو

وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۵۶﴾ لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

وَاٰتُوا	الزَّكٰوةَ	وَاَطِيْعُوا	الرَّسُوْلَ	لَعَلَّكُمْ	تُرْحَمُوْنَ	لَا تَحْسَبَنَّ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
اور ادا کرو تم	زکوٰۃ	اور اطاعت کرو	رسول	تاکہ تم پر	رحم کیا جائے	ہرگز گمان نہ کریں	وہ جنہوں نے کفر کیا (کافر)

اور زکوٰۃ ادا کرو، اور رسول کی اطاعت کرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔ ہرگز گمان نہ کرنا کہ کافر

ع ۷ ۱۳

مُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۚ وَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ؕ وَلَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۵۷﴾ يٰٓاَيُّهَا

مُعْجِزِيْنَ	فِي الْاَرْضِ	وَمَاْوٰىهُمُ	النَّارُ	وَلَبِئْسَ	الْمَصِيْرُ	يٰٓاَيُّهَا
عاجز کرنے والے ہیں	زمین میں	اور ان کا ٹھکانہ	دوزخ	اور البتہ برا	ٹھکانہ	اے

زمین میں عاجز کرنے والے ہیں، اور ان کا ٹھکانہ دوزخ ہے، اور (وہ) البتہ برا ٹھکانہ ہے۔ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِيَسْتَاْذِنْكُمُ الَّذِيْنَ مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ وَالَّذِيْنَ لَمْ يَبْلُغُوا

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لِيَسْتَاْذِنْكُمُ	الَّذِيْنَ	مَلَكَتْ	اَيْمَانُكُمْ	وَالَّذِيْنَ	لَمْ يَبْلُغُوا
جو لوگ ایمان لائے (ایمان والو)	چاہیئے کہ اجازت لیں تم سے	وہ جو کہ	مالک ہوئے	تمہارے دائیں ہاتھ (غلام)	اور وہ لوگ جو	نہیں پہنچے

ایمان والو! چاہیئے کہ تمہارے غلام (تمہارے پاس آنے کی) تم سے اجازت لیں، اور وہ جو نہیں پہنچے

الْحُلُمَ مِنْكُمْ ثَلٰثَ مَرّٰتٍ ؕ مِنْ قَبْلِ صَلٰوةِ الْفَجْرِ وَحِيْنَ تَضَعُوْنَ ثِيَابَكُمْ

الْحُلُمَ	مِنْكُمْ	ثَلٰثَ	مَرّٰتٍ	مِنْ قَبْلِ	صَلٰوةِ الْفَجْرِ	وَحِيْنَ	تَضَعُوْنَ	ثِيَابَكُمْ
احتلام، شعور	تم میں سے	تین	بار۔ وقت	پہلے	نمازِ فجر	اور جب	اتار کر رکھ دیتے ہو	اپنے کپڑے

تم میں سے (حدِّ) شعور کو، تین وقت (یعنی) نمازِ فجر سے پہلے اور جب تم اپنے کپڑے اتار کر رکھ دیتے ہو

Presented by www.ziaraat.com

مِّنَ الظَّهِيْرَةِ وَمِنْۢ بَعْدِ صَلٰوةِ الْعِشَآءِ ؕ ثَلٰثُ عَوْرٰتٍ لَّكُمْ ؕ لَيْسَ عَلَيْكُمْ

مِنَ	الظَّهِيْرَةِ	وَمِنْۢ بَعْدِ	صَلٰوةِ الْعِشَآءِ	ثَلٰثُ	عَوْرٰتٍ	لَّكُمْ	لَيْسَ عَلَيْكُمْ
سے کو	دوپہر	اور بعد	نمازِ عشا	تین	پردہ	تمہارے لئے	نہیں تم پر

دوپہر کو اور نمازِ عشا کے بعد، تمہارے لئے (یہ) تین پردے (کے اوقات) ہیں، نہیں تم پر

وَلَا عَلَيْهِمْ جُنَاحٌۢ بَعْدَهُنَّ ؕ طَوّٰفُوْنَ عَلَيْكُمْ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ

وَلَا عَلَيْهِمْ	جُنَاحٌ	بَعْدَهُنَّ	طَوّٰفُوْنَ	عَلَيْكُمْ	بَعْضُكُمْ	عَلٰى	بَعْضٍ
اور نہ اُن پر	کوئی گناہ	ان کے بعد علاوہ	پھرا کرنے والے	تمہارے پاس	تم میں سے بعض (ایک)	پر۔ پاس	بعض (دوسرے)

اور نہ اُن پر اُن کے علاوہ کوئی گناہ، تم میں سے بعض، بعض کے پاس پھرا کرتے ہیں،

كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۵۸﴾ وَاِذَا بَلَغَ الْاَطْفَالُ

كَذٰلِكَ	يُبَيِّنُ اللّٰهُ	لَكُمُ	الْاٰيٰتِ	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ	حَكِيْمٌ	وَاِذَا	بَلَغَ الْاَطْفَالُ
اسی طرح	واضح کرتا ہے اللہ	تمہارے لئے	احکام	اور اللہ	جاننے والا	حکمت والا	اور جب	پہنچیں لڑکے

اسی طرح اللہ تمہارے لئے احکام واضح کرتا ہے، اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔ اور جب تم میں سے لڑکے پہنچیں

مِنْكُمُ الْحُلُمَ فَلْيَسْتَاْذِنُوْا كَمَا اسْتَاْذَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ

مِنْكُمُ	الْحُلُمَ	فَلْيَسْتَاْذِنُوْا	كَمَا	اسْتَاْذَنَ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	كَذٰلِكَ	يُبَيِّنُ اللّٰهُ
تم میں سے	حدِ شعور کو	پس چاہیئے کہ وہ اجازت لیں	جیسے	اجازت لیتے تھے	وہ جو	ان سے پہلے	اسی طرح	اللہ واضح کرتا ہے

حدِ شعور کو پس چاہیئے کہ وہ اجازت لیں جیسے اُن سے پہلے اجازت لیتے تھے، اسی طرح اللہ واضح کرتا ہے

لَكُمْ اٰيٰتِهٖ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۵۹﴾ وَالْقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَآءِ الّٰتِيْ لَا يَرْجُوْنَ نِكَاحًا

لَكُمْ	اٰيٰتِهٖ	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ	وَالْقَوَاعِدُ	مِنَ النِّسَآءِ	الّٰتِيْ	لَا يَرْجُوْنَ	نِكَاحًا
تمہارے لئے	اپنے احکام	اور اللہ	جاننے والا حکمت والا	اور خانہ نشین بوڑھی	عورتوں میں سے	وہ جو	آرزو نہیں رکھتی ہیں	نکاح

تمہارے لئے اپنے احکام، اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔ اور جو خانہ نشین بوڑھی عورتیں نکاح کی آرزو نہیں رکھتیں

فَلَيْسَ عَلَيْهِنَّ جُنَاحٌ اَنْ يَّضَعْنَ ثِيَابَهُنَّ غَيْرَ مُتَبَرِّجٰتٍۭ بِزِيْنَةٍ ؕ وَاَنْ يَّسْتَعْفِفْنَ

فَلَيْسَ	عَلَيْهِنَّ	جُنَاحٌ	اَنْ يَّضَعْنَ	ثِيَابَهُنَّ	غَيْرَ مُتَبَرِّجٰتٍۭ	بِزِيْنَةٍ	وَاَنْ	يَّسْتَعْفِفْنَ
تو نہیں	ان پر	کوئی گناہ	کہ وہ اتار رکھیں	اپنے کپڑے	نہ ظاہر کرتے ہوئے	زینت کو	اور اگر	وہ بچیں

تو ان پر کوئی گناہ نہیں کہ وہ اپنے (زائد) کپڑے اتار رکھیں، زینت (سنگھار) ظاہر نہ کرتے ہوئے، اور اگر وہ (اس سے بھی) بچیں

Presented by www.ziaraat.com

خَيْرٌ لَّهُنَّ ۗ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٦٠﴾ لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْاَعْرَجِ

خَيْرٌ	لَّهُنَّ	وَاللّٰهُ	سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ	لَيْسَ	عَلَى الْاَعْمٰى	حَرَجٌ	وَّلَا	عَلَى الْاَعْرَجِ
بہتر	ان کے لئے	اور اللہ	سننے والا	جاننے والا	نہیں	نابینا پر	کوئی گناہ	اور نہ	لنگڑے پر

تو اُن کے لئے بہتر ہے، اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے - کوئی گناہ نہیں نابینا پر، اور نہ لنگڑے پر

حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْمَرِيْضِ حَرَجٌ وَّلَا عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ اَنْ تَاْكُلُوْا مِنْ بُيُوْتِكُمْ

حَرَجٌ	وَّلَا	عَلَى الْمَرِيْضِ	حَرَجٌ	وَّلَا	عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ	اَنْ تَاْكُلُوْا	مِنْ بُيُوْتِكُمْ
کوئی گناہ	اور نہ	بیمار پر	کوئی گناہ	اور نہ	خود تم پر	کہ تم کھاؤ	اپنے گھروں سے

کوئی گناہ ہے، اور نہ بیمار پر کوئی گناہ ہے، نہ خود تم پر کہ تم کھاؤ اپنے گھروں سے،

اَوْ بُيُوْتِ اٰبَآئِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اُمَّهٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اِخْوَانِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَخَوٰتِكُمْ

اَوْ بُيُوْتِ اٰبَآئِكُمْ	اَوْ بُيُوْتِ اُمَّهٰتِكُمْ	اَوْ بُيُوْتِ اِخْوَانِكُمْ	اَوْ بُيُوْتِ اَخَوٰتِكُمْ
یا اپنے باپوں کے گھروں سے	یا اپنی ماؤں کے گھروں سے	یا اپنے بھائیوں کے گھروں سے	یا اپنی بہنوں کے گھروں سے

یا اپنے باپوں کے گھروں سے، یا اپنی ماؤں کے گھروں سے، یا اپنے بھائیوں کے گھروں سے، یا اپنی بہنوں کے گھروں سے،

اَوْ بُيُوْتِ اَعْمَامِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ عَمّٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَخْوَالِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ خٰلٰتِكُمْ

اَوْ بُيُوْتِ اَعْمَامِكُمْ	اَوْ بُيُوْتِ عَمّٰتِكُمْ	اَوْ بُيُوْتِ اَخْوَالِكُمْ	اَوْ بُيُوْتِ خٰلٰتِكُمْ
یا اپنے تائے چچاؤں کے گھروں سے	یا اپنی پھوپھیوں کے گھروں سے	یا اپنے خالو، ماموؤں کے گھروں سے	یا اپنی خالاؤں کے گھروں سے

یا اپنے تائے چچاؤں کے گھروں سے، یا اپنی پھوپھیوں کے گھروں سے، یا اپنے خالو ماموؤں کے گھروں سے، یا اپنی خالاؤں کے گھروں سے،

اَوْ مَا مَلَكْتُمْ مَّفَاتِحَهٗٓ اَوْ صَدِيْقِكُمْ ۭ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَاْكُلُوْا جَمِيْعًا

اَوْ	مَا مَلَكْتُمْ	مَّفَاتِحَهٗٓ	اَوْ صَدِيْقِكُمْ	لَيْسَ	عَلَيْكُمْ	جُنَاحٌ	اَنْ تَاْكُلُوْا	جَمِيْعًا
یا	جس (گھر) کی تمہارے قبضہ میں ہوں	اسکی کنجیاں	یا اپنے دوست (کے گھر سے)	نہیں	تم پر	کوئی گناہ	کہ	تم کھاؤ	اکٹھے مل کر

یا جس گھر کی کنجیاں تمہارے قبضہ میں ہوں، یا اپنے دوست کے گھر سے، تم پر کوئی گناہ نہیں کہ تم اکٹھے مل کر کھاؤ،

اَوْ اَشْتَاتًا ۭ فَاِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا فَسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ تَحِيَّةً مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ

اَوْ	اَشْتَاتًا	فَاِذَا	دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا	فَسَلِّمُوْا	عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ	تَحِيَّةً	مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ
یا	جُدا جُدا	پھر جب	تم داخل ہو گھروں میں	تو سلام کرو	اپنے لوگوں کو	دعائے خیر	سے اللہ کے ہاں

یا جُدا جُدا، پھر جب تم گھروں میں داخل ہو تو اپنے لوگوں کو سلام کرو، دعائے خیر اللہ کے ہاں سے،

Presented by www.ziaraat.com

مُبٰرَكَةً طَيِّبَةً ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۱﴾ ع اِنَّمَا

مُبٰرَكَةً	طَيِّبَةً	كَذٰلِكَ	يُبَيِّنُ اللّٰهُ	لَكُمُ	الْاٰيٰتِ	لَعَلَّكُمْ	تَعْقِلُوْنَ	اِنَّمَا
بابرکت	پاکیزہ	اسی طرح	اللہ واضح کرتا ہے	تمہارے لئے	احکام	تاکہ تم	سمجھو	اس کے سوا نہیں

بابرکت، پاکیزہ، اسی طرح اللہ تمہارے لئے احکام واضح کرتا ہے تاکہ تم سمجھو، اس کے سوا نہیں کہ

الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاِذَا كَانُوْا مَعَهٗ عَلٰٓى اَمْرٍ جَامِعٍ

الْمُؤْمِنُوْنَ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	بِاللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	وَاِذَا	كَانُوْا	مَعَهٗ	عَلٰٓى	اَمْرٍ جَامِعٍ
مومن (جمع)	جو ایمان لائے (یقین کیا)	اللہ پر	اور اس کے رسول پر	اور جب	وہ ہوتے ہیں	اسکے ساتھ	پر ہیں	جمع ہونے کا کام

مومن وہ ہیں جنہوں نے اللہ اور اس کے رسولؐ پر یقین کیا اور جب وہ کسی جمع ہو کر کرنے کے کام میں (شرکت کیلئے) اسکے ساتھ (رسولؐ کے پاس) ہوتے ہیں

لَمْ يَذْهَبُوْا حَتّٰى يَسْتَاْذِنُوْهُ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَكَ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

لَمْ يَذْهَبُوْا	حَتّٰى	يَسْتَاْذِنُوْهُ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يَسْتَاْذِنُوْنَكَ	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ
وہ نہیں جاتے	جب تک	وہ اس سے اجازت لیں	بیشک	جو لوگ	اجازت مانگتے ہیں آپؐ سے	یہی لوگ	وہ جو

تو جب تک وہ اس سے اجازت نہ لے لیں چلے نہیں جاتے، بیشک جو لوگ آپؐ سے اجازت مانگتے ہیں یہی لوگ ہیں، جو

يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۚ فَاِذَا اسْتَاْذَنُوْكَ لِبَعْضِ شَاْنِهِمْ فَاْذَنْ لِّمَنْ

يُؤْمِنُوْنَ	بِاللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	فَاِذَا	اسْتَاْذَنُوْكَ	لِبَعْضِ	شَاْنِهِمْ	فَاْذَنْ	لِّمَنْ
ایمان لاتے ہیں	اللہ پر	اور اس کے رسول پر	پس جب	وہ تم سے اجازت مانگیں	کسی کے لئے	اپنے کام	تو اجازت دیدیں	جس کو

جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاتے ہیں، پس جب وہ آپؐ سے اپنے کسی کام کے لئے اجازت مانگیں تو اجازت دیدیں جس کو

شِئْتَ مِنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمُ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۶۲﴾ لَا تَجْعَلُوْا

شِئْتَ	مِنْهُمْ	وَاسْتَغْفِرْ	لَهُمُ اللّٰهَ	اِنَّ اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	لَا تَجْعَلُوْا
آپ چاہیں	ان میں سے	اور بخشش مانگیں	ان کے لئے اللہ	بیشک اللہ	بخشنے والا	نہایت مہربان	تم نہ بنالو

اُن میں سے آپ چاہیں، اور ان کے لئے اللہ سے بخشش مانگیں، بیشک اللہ بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔ تم نہ بنا لو

دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا ؕ قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ

دُعَآءَ	الرَّسُوْلِ	بَيْنَكُمْ	كَدُعَآءِ	بَعْضِكُمْ	بَعْضًا	قَدْ يَعْلَمُ	اللّٰهُ
بُلانا	رسول کو	اپنے درمیان	جیسے بلانا	اپنے بعض (ایک)	بعض (دوسرے) کو	تحقیق جانتا ہے	اللہ

اپنے درمیان رسول کو بلانا، جیسے تم ایک دوسرے کو بُلاتے ہو، تحقیق اللہ جانتا ہے

Presented by www.ziaraat.com

الَّذِيْنَ يَتَسَلَّلُوْنَ مِنْكُمْ لِوَاذًا ۚ فَلْيَحْذَرِ الَّذِيْنَ يُخَالِفُوْنَ عَنْ اَمْرِهٖٓ اَنْ

الَّذِيْنَ	يَتَسَلَّلُوْنَ	مِنْكُمْ	لِوَاذًا	فَلْيَحْذَرِ	الَّذِيْنَ	يُخَالِفُوْنَ	عَنْ اَمْرِهٖ	اَنْ
جو لوگ	چپکے سے کھسک جاتے ہیں	تم میں سے	نظر بچا کر	پس چاہیئے کہ ڈریں	جو لوگ	خلاف کرتے ہیں	اس کے حکم سے	کہ

ان لوگوں کو جو تم میں سے نظر بچا کر چپکے سے کھسک جاتے ہیں، جو لوگ اس کے حکم کے خلاف کرتے ہیں چاہیئے کہ ڈریں کہ

تُصِيْبَهُمْ فِتْنَةٌ اَوْ يُصِيْبَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۶۳﴾ اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

تُصِيْبَهُمْ	فِتْنَةٌ	اَوْ يُصِيْبَهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ	مَا فِي السَّمٰوٰتِ
پہنچے اُن پر	کوئی آفت	یا پہنچے ان کو	عذاب	دردناک	یاد رکھو بیشک اللہ کے لئے	جو آسمانوں میں

ان پر کوئی آفت پہنچے یا ان کو دردناک عذاب پہنچے - یاد رکھو! بیشک اللہ کے لئے ہے، جو کچھ آسمانوں میں

وَالْاَرْضِ ؕ قَدْ يَعْلَمُ مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ ؕ وَيَوْمَ يُرْجَعُوْنَ اِلَيْهِ

وَالْاَرْضِ	قَدْ يَعْلَمُ	مَآ	اَنْتُمْ	عَلَيْهِ	وَيَوْمَ	يُرْجَعُوْنَ اِلَيْهِ
اور زمین	تحقیق وہ جانتا ہے	جو جس	تم	اس پر	اور جس دن	وہ لوٹائے جائیں گے اس کی طرف

اور زمین میں ہے، تحقیق وہ جانتا ہے جس (حال) پر تم ہو، اور اس دن کو جب اس کی طرف وہ لوٹائے جائیں گے،

۹ ع ۳ ۱۵

فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۶۴﴾ ع

فَيُنَبِّئُهُمْ	بِمَا	عَمِلُوْا	وَاللّٰهُ	بِكُلِّ شَيْءٍ	عَلِيْمٌ
پھر وہ انہیں بتائے گا	اس سے	انہوں نے کیا	اور اللہ	ہر شے کو	جاننے والا

پھر وہ انہیں بتائے گا جو کچھ انہوں نے کیا، اور اللہ ہر شے کو جاننے والا ہے۔

اٰيَاتُهَا ۷۷ | ۲۵ : سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ مَكِّيَّةٌ : ۴۲ | رُكُوْعَاتُهَا ۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا، نہایت مہربان ہے۔

تَبٰرَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرَا ﴿۱﴾

تَبٰرَكَ	الَّذِيْ	نَزَّلَ الْفُرْقَانَ	عَلٰى عَبْدِهٖ	لِيَكُوْنَ	لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرَا
بڑی برکت والا	وہ جو جس	نازل کیا فرق کرنیوالی کتاب (قرآن)	اپنے بندہ پر	تاکہ وہ ہو	سارے جہانوں کے لئے ڈرانے والا

بڑی برکت والا ہے وہ اللہ جس نے اپنے بندہ پر "فرقان" (اچھے برے میں فرق اور فیصلہ کرنیوالی کتاب قرآن) کو نازل کیا تاکہ وہ سارے جہانوں کے لئے ڈرانے والا ہو۔

Presented by www.ziaraat.com

الَّذِیْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ

الَّذِیْ لَهٗ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَلَمْ یَتَّخِذْ	وَلَدًا	وَلَمْ یَكُنْ	لَّهٗ	شَرِیْكٌ
وہ جس کے لئے	بادشاہت	آسمانوں	اور زمین	اور اس نے نہیں بنایا	کوئی بیٹا	اور نہیں ہے	اس کا	کوئی شریک

وہ جس کی بادشاہت ہے آسمانوں کی اور زمین کی، اور اس نے کوئی بیٹا نہیں بنایا اور اس کا کوئی شریک نہیں

فِی الْمُلْكِ وَخَلَقَ كُلَّ شَیْءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقْدِیْرًا ۝۲ وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ

فِی الْمُلْكِ	وَخَلَقَ	كُلَّ شَیْءٍ	فَقَدَّرَهٗ	تَقْدِیْرًا	وَاتَّخَذُوْا	مِنْ دُوْنِهٖٓ
سلطنت میں	اور اس نے پیدا کیا	ہر شے	پھر اس کا اندازہ ٹھہرایا	ایک اندازہ	اور انہوں نے بنا لئے	اس کے علاوہ

سلطنت میں، اور اس نے ہر شے کو پیدا کیا، پھر اس کا ایک (مناسب) اندازہ کیا۔ اور انہوں نے اس کے علاوہ بنا لئے ہیں

اٰلِهَةً لَّا یَخْلُقُوْنَ شَیْـًٔا وَّهُمْ یُخْلَقُوْنَ وَلَا یَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ ضَرًّا

اٰلِهَةً	لَّا یَخْلُقُوْنَ	شَیْـًٔا	وَهُمْ	یُخْلَقُوْنَ	وَلَا یَمْلِكُوْنَ	لِاَنْفُسِهِمْ	ضَرًّا
اور معبود	وہ نہیں پیدا کرتے	کچھ	بلکہ وہ	پیدا کئے گئے ہیں	اور وہ اختیار نہیں رکھتے	اپنے لئے	کسی نقصان کا

اور معبود، وہ کچھ نہیں پیدا کرتے بلکہ وہ (خود) پیدا کئے گئے ہیں، اور وہ اپنے لئے اختیار نہیں رکھتے کسی نقصان کا،

وَّلَا نَفْعًا وَّلَا یَمْلِكُوْنَ مَوْتًا وَّلَا حَیٰوةً وَّلَا نُشُوْرًا ۝۳ وَقَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْٓا

وَلَا نَفْعًا	وَلَا یَمْلِكُوْنَ	مَوْتًا	وَلَا حَیٰوةً	وَلَا نُشُوْرًا	وَقَالَ	الَّذِیْنَ	كَفَرُوْٓا
اور نہ کسی نفع کا	اور نہ وہ اختیار رکھتے ہیں	کسی موت کا	اور نہ کسی زندگی کا	اور نہ پھر اٹھنے کا	اور کہا	وہ لوگ جنہوں نے	کفر کیا (کافر)

اور نہ کسی نفع کا، اور نہ وہ اختیار رکھتے ہیں کسی موت کا اور نہ کسی زندگی کا اور نہ پھر (جی) اٹھنے کا۔ اور کافروں نے کہا

اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اِفْكُ ِۨافْتَرٰىهُ وَاَعَانَهٗ عَلَیْهِ قَوْمٌ اٰخَرُوْنَ ۚ فَقَدْ جَآءُوْ ظُلْمًا

اِنْ هٰذَآ	اِلَّآ	اِفْكُ	ِۨافْتَرٰىهُ	وَاَعَانَهٗ	عَلَیْهِ	قَوْمٌ اٰخَرُوْنَ	فَقَدْ جَآءُوْ	ظُلْمًا
نہیں یہ	مگر نہ صرف	بہتان من گھڑت	اس نے اسے گھڑ لیا ہے	اس کی مدد کی	اس پر	دوسرے لوگ (جمع)	تحقیق وہ آگئے	ظلم

یہ (کچھ بھی) نہیں، صرف بہتان ہے اس (نبی) نے اسے گھڑ لیا ہے اور اس پر دوسرے لوگوں نے اس کی مدد کی ہے تحقیق وہ آگئے (اُتر آئے) ہیں ظلم

وَّزُوْرًا ۝۴ ۚ وَقَالُوْٓا اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ اكْتَتَبَهَا فَهِیَ تُمْلٰى عَلَیْهِ بُكْرَةً

وَزُوْرًا	وَقَالُوْا	اَسَاطِیْرُ	الْاَوَّلِیْنَ	اكْتَتَبَهَا	فَهِیَ تُمْلٰى	عَلَیْهِ	بُكْرَةً
اور جھوٹ	اور انہوں نے کہا	کہانیاں	پہلے لوگ	اس نے انہیں لکھ لیا ہے	پس وہ پڑھی جاتی ہیں	اس پر	صبح

اور جھوٹ پر۔ اور انہوں نے کہا کہ یہ پہلے لوگوں کی کہانیاں ہیں، اس نے انہیں لکھ لیا ہے پس وہ اس پر پڑھی جاتی ہیں (سنائی جاتی ہیں) صبح

Presented by www.ziaraat.com

وَّاَصِيْلًا ۝۵ قُلْ اَنْزَلَهُ الَّذِيْ يَعْلَمُ السِّرَّ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ

وَاَصِيْلًا	قُلْ	اَنْزَلَهُ	الَّذِيْ	يَعْلَمُ	السِّرَّ	فِي السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	اِنَّهٗ كَانَ
اور شام	فرمادیں	اسکو نازل کیا ہے	وہ جو	جانتا ہے	راز	آسمانوں میں	اور زمین	بیشک وہ ہے

اور شام۔ آپؐ فرمادیں اس کو نازل کیا ہے اس نے جو آسمانوں اور زمین کے راز جانتا ہے ، بیشک وہ

غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝۶ وَقَالُوْا مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ يَاْكُلُ الطَّعَامَ وَيَمْشِيْ فِي

غَفُوْرًا	رَّحِيْمًا	وَقَالُوْا	مَالِ	هٰذَا الرَّسُوْلِ	يَاْكُلُ	الطَّعَامَ	وَيَمْشِيْ	فِي
بخشنے والا	نہایت مہربان	اور انہوں نے کہا	کیسا ہے	یہ رسول	وہ کھاتا ہے	کھانا	چلتا (پھرتا) ہے	میں

بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔ اور انہوں نے کہا کیسا ہے یہ رسول! (جو) کھانا کھاتا ہے ، اور چلتا پھرتا ہے

الْاَسْوَاقِ ؕ لَوْلَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَلَكٌ فَيَكُوْنَ مَعَهٗ نَذِيْرًا ۝۷ اَوْ يُلْقٰٓى اِلَيْهِ

الْاَسْوَاقِ	لَوْلَآ	اُنْزِلَ	اِلَيْهِ	مَلَكٌ	فَيَكُوْنَ	مَعَهٗ	نَذِيْرًا	اَوْ يُلْقٰٓى	اِلَيْهِ
بازار (جمع)	کیوں نہ	اُتارا گیا	اسکے ساتھ	کوئی فرشتہ	کہ ہوتا وہ	اس کے ساتھ	ڈرانے والا	یا ڈالا (اتارا) جاتا	اس کی طرف

بازاروں میں، اس کے ساتھ کوئی فرشتہ کیوں نہ اتارا گیا کہ وہ اس کے ساتھ ڈرانے والا ہوتا۔ یا اس کی طرف اتارا جاتا

كَنْزٌ اَوْ تَكُوْنُ لَهٗ جَنَّةٌ يَّاْكُلُ مِنْهَا ؕ وَقَالَ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا

كَنْزٌ	اَوْ تَكُوْنُ	لَهٗ	جَنَّةٌ	يَّاْكُلُ	مِنْهَا	وَقَالَ	الظّٰلِمُوْنَ	اِنْ تَتَّبِعُوْنَ	اِلَّا
کوئی خزانہ	یا ہوتا	اسکے لئے	کوئی باغ	وہ کھاتا	اس سے	اور کہا	ظالم (جمع)	نہیں تم پیروی کرتے	مگر صرف

کوئی خزانہ، یا اس کے لئے کوئی باغ ہوتا کہ وہ اس سے کھاتا اور ظالموں نے کہا تم پیروی کرتے ہو صرف

رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ۝۸ اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا

رَجُلًا	مَّسْحُوْرًا	اُنْظُرْ	كَيْفَ	ضَرَبُوْا	لَكَ	الْاَمْثَالَ	فَضَلُّوْا	فَلَا
ایک آدمی	جادو کا مارا ہوا	دیکھو	کیسی	انہوں نے بیان کیں	تمہارے لئے	مثالیں (باتیں)	سو وہ بہک گئے	لہٰذا نہ

جادو کے مارے ہوئے آدمی کی۔ اے نبیؐ! دیکھو تو انہوں نے تمہارے لئے کیسی باتیں بیان کیں ، ہیں، سو وہ بہک گئے ہیں ، لہٰذا

۱ ع ۹ ۱۶

يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا ۝۹ تَبٰرَكَ الَّذِيْٓ اِنْ شَآءَ جَعَلَ لَكَ خَيْرًا مِّنْ ذٰلِكَ

يَسْتَطِيْعُوْنَ	سَبِيْلًا	تَبٰرَكَ	الَّذِيْٓ	اِنْ شَآءَ	جَعَلَ	لَكَ	خَيْرًا	مِّنْ ذٰلِكَ
پا سکتے ہیں	کوئی راستہ	بڑی برکت والا	وہ جو	اگر چاہے	وہ بنادے	تمہارے لئے	بہتر	اس سے

وہ کوئی راستہ نہیں پا سکتے۔ بڑی برکت والا ہے وہ ، اگر وہ (اللہ) چاہے تو تمہارے لئے اس سے بہتر بنا دے،

Presented by www.ziaraat.com

جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ وَیَجْعَلْ لَّكَ قُصُوْرًا ﴿۱۰﴾ بَلْ كَذَّبُوْا

جَنّٰتٍ	تَجْرِیْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	وَیَجْعَلْ	لَّكَ	قُصُوْرًا	بَلْ	كَذَّبُوْا
باغات	بہتی ہیں	جن کے نیچے	نہریں	اور بنا دے	تمہارے لئے	محل (جمع)	بلکہ	انہوں نے جھٹلایا

(ایسے) باغات جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں، اور تمہارے لئے محل بنا دے۔ بلکہ انہوں نے جھٹلایا

بِالسَّاعَةِ ۫ وَاَعْتَدْنَا لِمَنْ كَذَّبَ بِالسَّاعَةِ سَعِیْرًا ﴿۱۱﴾ۚ اِذَا رَاَتْهُمْ مِّنْ

بِالسَّاعَةِ	وَاَعْتَدْنَا	لِمَنْ كَذَّبَ	بِالسَّاعَةِ	سَعِیْرًا	اِذَا	رَاَتْهُمْ	مِّنْ
قیامت کو	اور ہم نے تیار کیا	اسکے لئے جس نے جھٹلایا	قیامت کو	دوزخ	جب	وہ دیکھے گی انہیں	سے

قیامت کو، اور جس نے قیامت کو جھٹلایا ہم نے اس کے لئے دوزخ تیار کیا ہے۔ جب وہ (دوزخ) انہیں دیکھے گی

مَّكَانٍۭ بَعِیْدٍ سَمِعُوْا لَهَا تَغَیُّظًا وَّزَفِیْرًا ﴿۱۲﴾ وَاِذَاۤ اُلْقُوْا مِنْهَا مَكَانًا ضَیِّقًا

مَكَانٍ	بَعِیْدٍ	سَمِعُوْا	لَهَا	تَغَیُّظًا	وَّزَفِیْرًا	وَاِذَا	اُلْقُوْا	مِنْهَا	مَكَانًا	ضَیِّقًا
جگہ	دُور	وہ سُنیں گے	اسے	جوش مارتا	اور چنگھاڑتا	اور جب	وہ ڈالے جائیں گے	اس سے۔ کی	کسی جگہ	تنگ

دُور جگہ سے، وہ اُسے جوش مارتا، چنگھاڑتا سُنیں گے۔ اور جب وہ اس (دوزخ) کی کسی تنگ جگہ میں ڈالے جائیں گے

مُّقَرَّنِیْنَ دَعَوْا هُنَالِكَ ثُبُوْرًا ﴿۱۳﴾ ؕ لَا تَدْعُوا الْیَوْمَ ثُبُوْرًا وَّاحِدًا وَّادْعُوْا

مُقَرَّنِیْنَ	دَعَوْا	هُنَالِكَ	ثُبُوْرًا	لَا تَدْعُوا	الْیَوْمَ	ثُبُوْرًا	وَاحِدًا	وَادْعُوْا
جکڑے ہوئے	وہ پکاریں گے	وہاں	موت	تم نہ پکارو	آج	موت کو	ایک	بلکہ پکارو

(باہم زنجیروں سے) جکڑے ہوئے، تو وہ وہاں موت کو پکاریں گے، (کہا جائے گا) آج ایک موت کو نہ پکارو، بلکہ تم پکارو

ثُبُوْرًا كَثِیْرًا ﴿۱۴﴾ قُلْ اَذٰلِكَ خَیْرٌ اَمْ جَنَّةُ الْخُلْدِ الَّتِیْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ

ثُبُوْرًا	كَثِیْرًا	قُلْ	اَذٰلِكَ	خَیْرٌ	اَمْ	جَنَّةُ الْخُلْدِ	الَّتِیْ	وُعِدَ	الْمُتَّقُوْنَ
موتیں	بہت سی	فرما دیں	کیا یہ	بہتر	یا	ہمیشگی کے باغ	جو۔جس	وعدہ کیا گیا	پرہیزگار (جمع)

بہت سی موتوں کو آپؐ فرما دیں کیا یہ بہتر ہے یا ہمیشگی کے باغ، جن کا وعدہ پرہیزگاروں سے کیا گیا ہے،

كَانَتْ لَهُمْ جَزَآءً وَّمَصِیْرًا ﴿۱۵﴾ لَهُمْ فِیْهَا مَا یَشَآءُوْنَ خٰلِدِیْنَ ؕ

كَانَتْ	لَهُمْ	جَزَآءً	وَّمَصِیْرًا	لَهُمْ	فِیْهَا	مَا یَشَآءُوْنَ	خٰلِدِیْنَ
وہ ہے	ان کے لئے	جزا (بدلہ)	لوٹ کر جانے کی جگہ	ان کے لئے	اس میں	جو وہ چاہیں گے	ہمیشہ رہیں گے

وہ ان کے لئے جزا، اور لوٹ کر جانے کی جگہ ہے۔ اس میں اُن کے لئے جو وہ چاہیں گے (موجود ہوگا) ہمیشہ رہیں گے

Presented by www.ziaraat.com

كَانَ عَلٰى رَبِّكَ وَعْدًا مَّسْـُٔوْلًا ﴿۱۶﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ

كَانَ	عَلٰى رَبِّكَ	وَعْدًا	مَّسْـُٔوْلًا	وَيَوْمَ	يَحْشُرُهُمْ	وَمَا	يَعْبُدُوْنَ	مِنْ
ہے	تمہارے رب کے ذمے	ایک وعدہ	مانگا ہوا	اور جس دن	وہ انہیں جمع کریگا	اور جنہیں	وہ پرستش کرتے ہیں	سے

یہ ایک وعدہ ہے تیرے رب کے ذمے مانگا ہوا (مانگنے کے لائق ہے)۔ اور جس دن وہ انہیں جمع کرے گا اور جن کی وہ پرستش کرتے ہیں

دُوْنِ اللّٰهِ فَيَقُوْلُ ءَاَنْتُمْ اَضْلَلْتُمْ عِبَادِيْ هٰٓؤُلَآءِ اَمْ هُمْ ضَلُّوا السَّبِيْلَ ﴿۱۷﴾

دُوْنِ اللّٰهِ	فَيَقُوْلُ	ءَاَنْتُمْ	اَضْلَلْتُمْ	عِبَادِيْ	هٰٓؤُلَآءِ	اَمْ هُمْ	ضَلُّوا	السَّبِيْلَ
اللہ کے سوائے	تو وہ کہے گا	کیا تم	تم نے گمراہ کیا	میرے بندے	یہ ہیں ان	یا وہ	بھٹک گئے	راستہ

اللہ کے سوا، تو وہ کہے گا کیا تم نے میرے ان بندوں کو گمراہ کیا؟ یا وہ خود راستہ سے بھٹک گئے؟

قَالُوْا سُبْحٰنَكَ مَا كَانَ يَنْۢبَغِيْ لَنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ مِنْ دُوْنِكَ مِنْ

قَالُوْا	سُبْحٰنَكَ	مَا كَانَ	يَنْۢبَغِيْ	لَنَآ	اَنْ	نَّتَّخِذَ	مِنْ دُوْنِكَ	مِنْ
وہ کہیں گے	تو پاک ہے	نہ تھا	سزاوار۔لائق	ہمارے لئے	کہ	ہم بنائیں	تیرے سوا	کوئی

وہ کہیں گے تو پاک ہے، ہمارے لئے سزاوار نہ تھا کہ ہم بناتے تیرے سوا اوروں کو

اَوْلِيَآءَ وَلٰكِنْ مَّتَّعْتَهُمْ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى نَسُوا الذِّكْرَ ۚ وَكَانُوْا قَوْمًۢا بُوْرًا ﴿۱۸﴾

اَوْلِيَآءَ	وَلٰكِنْ	مَّتَّعْتَهُمْ	وَاٰبَآءَهُمْ	حَتّٰى	نَسُوا	الذِّكْرَ	وَكَانُوْا	قَوْمًۢا بُوْرًا
مددگار	اور لیکن	تو نے آسودگی دی انہیں	اور انکے باپ دادا	یہانتک کہ	وہ بھول گئے	یاد	اور وہ تھے	ہلاک ہونے والے لوگ

مددگار، لیکن تو نے انہیں اور ان کے باپ دادا کو آسودگی دی یہانتک کہ وہ تیری یاد بھول گئے اور وہ ہلاک ہونے والے لوگ تھے۔

فَقَدْ كَذَّبُوْكُمْ بِمَا تَقُوْلُوْنَ ۙ فَمَا تَسْتَطِيْعُوْنَ صَرْفًا وَّلَا نَصْرًا ۚ وَمَنْ

فَقَدْ كَذَّبُوْكُمْ	بِمَا تَقُوْلُوْنَ	فَمَا تَسْتَطِيْعُوْنَ	صَرْفًا	وَّلَا نَصْرًا	وَمَنْ
پس انہوں نے تمہیں جھٹلا دیا	وہ جو تم کہتے تھے (تمہاری بات)	پس اب تم نہیں کر سکتے ہو	پھیرنا	اور نہ مدد کرنا	اور جو

پس انہوں نے تمہاری بات جھٹلا دی، پس اب نہ تم (عذاب) پھیر سکتے ہو اور نہ اپنی مدد کر سکتے ہو، اور جو

يَّظْلِمْ مِّنْكُمْ نُذِقْهُ عَذَابًا كَبِيْرًا ﴿۱۹﴾

يَّظْلِمْ	مِّنْكُمْ	نُذِقْهُ	عَذَابًا	كَبِيْرًا
وہ ظلم کرے گا	تم میں سے	ہم چکھائیں گے اسے	عذاب	بڑا

تم میں سے ظلم کرے گا، ہم اسے بڑا عذاب چکھائیں گے۔

Presented by www.ziaraat.com

وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّآ اِنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ

وَمَا	اَرْسَلْنَا	قَبْلَكَ	مِنَ	الْمُرْسَلِيْنَ	اِلَّآ	اِنَّهُمْ	لَيَاْكُلُوْنَ
اور نہیں	بھیجے ہم نے	تم سے پہلے	سے	رسول (جمع)	مگر	وہ یقیناً	البتہ کھاتے تھے

اور ہم نے تم سے پہلے رسول نہیں بھیجے مگر یقیناً وہ کھاتے تھے

الطَّعَامَ وَيَمْشُوْنَ فِى الْاَسْوَاقِ ؕ وَجَعَلْنَا بَعْضَكُمْ

الطَّعَامَ	وَيَمْشُوْنَ	فِى الْاَسْوَاقِ	وَجَعَلْنَا	بَعْضَكُمْ
کھانا	اور چلتے پھرتے تھے	بازاروں میں	اور ہم نے کیا (بنایا)	تم میں سے بعض کو (کسی کو)

کھانا، اور بازاروں میں چلتے پھرتے تھے، اور ہم نے تم میں سے کسی کو بنایا

۲ ع ۱۱ ۱۷

لِبَعْضٍ فِتْنَةً ؕ اَتَصْبِرُوْنَ ۚ وَكَانَ رَبُّكَ بَصِيْرًا ﴿۲۰﴾

لِبَعْضٍ	فِتْنَةً	اَتَصْبِرُوْنَ	وَكَانَ	رَبُّكَ	بَصِيْرًا
بعض (دوسروں کے لئے)	آزمائش	کیا تم صبر کرو گے	اور ہے	تمہارا رب	دیکھنے والا

دوسروں کے لئے آزمائش، کیا تم صبر کرو گے؟ اور تمہارا رب دیکھنے والا ہے۔

Presented by www.ziaraat.com